صلح کمیٹی کے ایک اجلاس سے قبل ہم باقی دوستوں کی آمد کا انتظار کر رہے تھے۔ اس دوران میں نے ارکان کمیٹی کے علاوہ دوسرے لوگوں کے چہروں کو غور سے دیکھا تو میری نظر ایسے چہرے پر بڑی جس کی آنکھوں میں شیطنت اور حرکات مشکوک تھیں، جب کمیٹی کے تمام اراکین مکمل ہو گئے اور ہم وہاں سے الگ ہوئے تو ہم نے میزبان سے کہا کہ یہ آدمی یہاں سے چلا جائے۔ کیوں کہ اس میں خباثت اور شرارت ہے۔ میٹنگ ختم ہوئی تو میں گاڑی میں سوار ہونے لگا میں نے اسے دیکھا کہ وہ آہستہ آہستہ میرے قریب آ رہا ہے میں نے اسے بھی گاڑی میں سوار کر لیا تاکہ جان سکوں کہ اصل بات کیا ہے دوران بات چیت میں اس نتیجے پر پہنچا کہ اس کے پیچھے کوئی خباثت ہے۔ پھر شام کو دارالقرآن و السنہ میں میرا درس تھا، درس کے اختتام پر کوئی میرے پاس آیا میں نے دیکھا تو وہ میرے صبح کے ساتھی جیسا تھا میں نے کہا تو وہی تو نہیں ہے جو صبح مجھ سے ملا تھا تو اس نے اثبات میں جواب دیا۔ جلسہ کے اختتام پر میں نے گھر کے نگران کو بلایا اور اسے اس آدمی کے خطرات سے آگاہ کیا میں نے پولیس والوں سے بات کی اور کہا کہ یہ شخص بغیر ہمارے علم اور دعوت کے یہاں کیسے پہنچا۔ انہوں نے اپنی لاعلمی کا اظہار کیا اور کہا کہ اس کا اس گھر سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ اس سے شک میں مزید اضافہ ہو گیا۔

المجاہد: یہ کب ہوا؟

الشیخ: یہ واقعہ شیخ جمیل الرحمان سے تین دن قبل کا ہے۔

المجاہد: اس کا اس حادثہ سے کیا تعلق؟

الشیخ: میں تو آپ کو بڑا ذہین سمجھتا تھا۔

المجاہد: شاید وہ عبداللہ رومی ہو۔؟

الشیخ: جب میں نے قاتل کی تصویر دیکھی تو اسے پہچان لیا اور یہ بھی پہچان لیا میرا وہ ساتھی عبداللہ رومی ہی تھا میں آپ سے یہ راز چھپانا نہیں چاہتا کہ جب میں نے تصویر دیکھی اور جان لیا کہ یہ تو وہی ہے تو میں اپنے آپ پر کنٹرول نہ کر سکا۔ اور جن لوگوں کو میں اس آدمی کے بارے میں آگاہ کر چکا تھا ان کے بارے میں ایسی گفتگو کی جو مجھے نہیں کرنی چاہئے تھی۔

المجاہد: امارت اسلامی اور اس کی قانونی حیثیت کے بارے میں ابھی کئی اہم سوالات باقی ہیں نیز آپ کی سربراہی میں قائم فیصلہ کمیٹی نے ان حوادثات کے بارے میں کیا فیصلہ کیا؟ یہ سب کچھ ابھی باقی ہے ہم امید کرتے ہیں کہ آئندہ شمارہ میں اسے مکمل کر لیں گے۔

افغانی تنظیموں اور پاکستان کی مذہبی جماعتوں سے سوال

شیخ جمیل الرحمٰنؒ کی شہادت اور حادثہ کنڑ کے بارے میں لوگوں کے ذہنوں میں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ شیخؒ نے کنڑ میں امارت اسلامی قائم کر کے اور وہاں شریعت اسلامیہ نافذ کر کے کیا کسی بڑے جرم کا ارتکاب کیا تھا کہ پہلے ان کی قائم کردہ اسلامی حکومت پر شبخون مارا گیا اور پھر شیخ کو بھی شہید کر دیا گیا؟

کیا امارت اسلامی کا قیام اور شریعت اسلامیہ و حدود اللہ کا نفاذ جرم ہے؟

اگر یہ جرم ہے تو جہاد افغانستان میں سرگرم تمام تنظیمیں اپنے جہاد کا مقصد افغانستان میں اسلامی تشخص کی بحالی کیوں بتلاتی ہیں؟

اور اگر یہ جرم نہیں ہے تو پھر امارت اسلامی سے بغاوت و غداری کیوں؟ اور شیخ رحمہ اللہ کو شہید کیوں کیا گیا؟ اور اسلامی امارت کو تباہ کرنے کے لئے ساتوں افغانی تنظیموں نے اتحاد کیوں کیا؟

علاوہ ازیں پاکستان کی وہ مذہبی جماعتیں، جو جہاد افغانستان میں، اس کے اسلامی مشن ہونے کی وجہ سے دلچسپی رکھتی ہیں اور اس راہ میں جان و مال کی قربانیاں بھی پیش کر رہی ہیں، وہ حادثہ کنڑ پر خاموش کیوں ہیں؟ کیا انہیں اس حادثے کی اطلاع ہی نہیں پہنچی؟ یا وہ بھی افغانی تنظیموں کی اس بدعہدی اور غداری کو جائز سمجھتی ہیں جو امارت اسلامی کنڑ کے سلسلے میں انہوں نے کی ہے؟

اگر ان کے نزدیک یہ بدعہدی اور غداری جائز ہے تو کیا اسی مشن کے لئے انہوں نے جہاد افغانستان کے نام پر اپنی دکان سیاست و سیادت چمکا رکھی ہے؟ اور اگر یہ غداری جائز نہیں تو پھر اس کے خلاف لب کشائی سے گریز کیوں؟ اور یہ پراسرار خاموشی چہ معنی دارد؟

کوئی بتلاؤ کہ ہم بتلائیں کیا!

صوبہ کنڑ

ظلم کیوں! تباہی کیوں!!

صرف عالم اسلام ہی نہیں اقوام عالم بھی صوبہ کنڑ' افغانستان میں انتخاب سے قائم ہونے والی "امارت اسلامی" اور اس کے اعلیٰ و ارفع مقاصد سے بخوبی آگاہ ہیں اس کے قیام سے اسلام دشمن اور مفاد پرست عناصر خائف و لرزاں اس لئے ہیں کہ شہید الشیخ جمیل الرحمان نے جہاد افغانستان کی اصل روح کو مرکز و منبع قرار دیا --- یہی وہ صوبہ کنڑ ہے جہاں سے شرک و بدعات کے خلاف علم توحید بلند ہوا--- یہی صوبہ ہے جہاں سے جہاد افغانستان کا آغاز ہوا اور یہی صوبہ سب سے پہلے مکمل آزاد ہوا ---- پھر یہی صوبہ کنڑ ہے جہاں متفقہ فیصلہ سے انتہائی منصفانہ انتخابات ہوئے جس کے نتیجہ میں "امارت اسلامی" کا قیام عمل میں آیا اور اصل مقصد حیات کے لئے امیر امارت اسلامی شہید الشیخ جمیل الرحمان نے شریعت نافذ کر دی --- خطہ ارضی پر عصر حاضر میں پہلی امارت اسلامی جو امت مسلمہ کا امانت ہے' تباہی و بربادی سے دو چار ہے تو کیوں؟

امت مسلمہ کے محترم عالمو' دانشورو' مجاہدو اور مسلمانو ذرا سوچوں کیا آپ کی خاموشی' "قہر خداوندی" کو دعوت نہیں دے رہی ہے آپ کے سامنے روز روشن ہیں کھلے آسماں کے نیچے ۱۸ مئی ۱۹۹۱ء سے ۳۰ اگست ۱۹۹۱ء تک مسلسل حکمت یار کی قیادت میں سات تنظیموں' آٹھ صوبوں کے اجرتی قاتلوں' قبائلیوں اور ڈرگ مافیا نے توپوں' ٹینکوں اور جدید ترین اسلحہ سے صوبہ کنڑ میں تباہی بربادی' لوٹ مار' قتل و غارت کا وحشیانہ رقص جاری رکھا اور آپ خاموش دیکھتے رہے۔ صوبہ کنڑ جو بانی جہاد افغانستان' جلیل القدر عالم مجاہد الشیخ جمیل الرحمان شہید کی قیادت میں شریعت محمدیؐ کی برکات سے امن و خوشحالی کا مسکن بن گیا تھا بیک بار پھر اجڑ گیا' ویران ہوا۔ بائیس ہزار پر مشتمل ان مفاد پرستوں نے اسلام اور انسانیت کو نوک

شمشیر پر رکھا۔

قرآن مقدس' احادیث اور مسجدوں کا تقدس پامال کیا
عورتوں' بچوں اور بوڑھوں پر ظلم روا رکھا
مکانوں' دکانوں اور دیگر عمارتوں کو پیوند خاک کیا
زخمیوں کو زندہ درگور اور دریائے کنڑ کی نذر کیا
عرب اور انصار مجاہدین کو وہابی کہہ کر شہید کیا

۳۰ اگست ۱۹۹۱ء کو اسد آباد پر میزائلوں کی برسات میں جلتے ہوئے مسلمانوں اور گھروں کا منظر دیکھنے والے' ایسے وحشی درندوں کو انسان اور مجاہد کے نام سے پکارنے سے یقیناً قاصر ہوں گے۔ اسلام کا داعی یا غیر متعصب مورخ جہاد افغانستان کی تاریخ لکھتے ہوئے اس سانحہ عظیم کو ہرگز فراموش نہ کر سکے گا۔ تجزیہ نگار محو حیرت ہوں گے کہ نجیب کمیونسٹ حکومت کی موجودگی میں اسلام کے علم برداروں نے اتنے بڑے بھاری لشکر' اسلحہ کے انبار اور بھرپور طاقت سے کابل کو فتح کرنے کی بجائے اسلامی صوبہ کنڑ کو تباہی اور بربادی سے کیوں دوچار کیا۔

آپ بھی سوچئے! کیونکہ روز محشر اس کا جواب امت مسلمہ کو یقیناً دینا ہو گا!

ایک غلط فہمی کا ازالہ

یہاں ایک غلط پراپیگنڈا کیا جا رہا ہے کہ کنڑ میں دیگر تنظیموں سے ٹیکس کے طور پر اسلحہ وصول کیا جاتا رہا ہے یہ سراسر الزام ہے۔ مولوی جمیل الرحمان کی تنظیم یا ان کی حکومت امارت اسلامی کسی نے بھی کسی بھی وقت کبھی بھی دیگر تنظیموں کے مجاہدین سے اسلحہ لانے لے جانے پر ٹیکس نہیں لیا نہ ہی اسلحہ وصول کیا ہے۔ بلکہ حقیقت یہ ہے کہ جب بھی کسی بھی تنظیم کا اسلحہ امارت اسلامی کے زیر کنٹرول علاقوں سے گزرتا اور اگلے مورچوں میں لے جایا جاتا پشاور میں امارت اسلامی کے ذمہ دار افراد کی جانب سے دیئے گئے راہداری کی بنیاد پر گذرنے دیا جاتا۔ اور امارت اسلامی کے حفاظتی دستے ان کا تحفظ کرتے۔ امارت نے دیگر علاقوں میں جانے والے مجاہدین کو ہمیشہ کنڑ میں پر امن ماحول اور سہولتیں فراہم کی ہیں۔

امارتِ اسلامی کے امیر منتخب ہونے کے بعد

الشیخ جمیل الرحمٰن شہیدؒ کا پہلا خطاب

صوبہ کنر میں انتخابات

صوبہ کنر میں افغان مجاہدین (خصوصاً حزب اسلامی) کے پُرزور اصرار کے بعد انتخابات عمل میں آئے جس میں الشیخ جمیل الرحمٰن کی جماعت دعوۃ والقرآن والسنہ نے واضح اکثریت حاصل کی۔ الشیخ جمیل الرحمٰن کے امیر منتخب ہونے کے بعد پہلی تقریر کا مکمل متن نذر قارئین ہے۔

(ادارہ)

میرے مجاہد بھائیو!

دین اسلام کے دو حصے ہیں ایک عقیدہ اور دوسرا شریعت و طریقہ ہے۔ ایمان وعقیدہ نفس سوچ و فکر اور دل سے تعلق رکھتا ہے۔ جبکہ ظاہری اعمال اور انسانی جسم کے بیرونی اعضاء سے تعلق رکھنے والے اعمال کو شریعت و طریقہ کہا جاتا ہے۔

عقیدہ ہم اور آپ سب نے اجمالی طور پر ماں باپ سے سیکھا ہے۔ یعنی اللہ فرشتوں، کتابوں، رسولوں روز قیامت اور اس بات پر ایمان کہ تمام تر خیر و شر اللہ تعالیٰ نے مقرر کئے ہیں اللہ پیغمبر اور کتابوں کی باتوں میں شک و تردد نہیں۔ اگر کوئی شک کرے گا تو وہ مسلمان نہیں رہتا۔ اس ایمان کے معنی یہ ہیں کہ اللہ نے جس چیز سے منع کیا اور جس کے کرنے کی ہدایت کی۔ جزائیل جو امر و نہی اللہ کی طرف سے قرآن مجید کی صورت میں پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لایا اور پیغمبر نے جو امر و نہی اللہ کی طرف سے اس کے بندوں تک پہنچائی اس کے مطابق زندگی گذارنا۔

یہ امر و نہی کلمہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ میں موجود ہیں۔ اللہ بندگی کے مستحق، آدمی جس سے محبت رکھے جس سے خوف محسوس کرے جس پر توکل اور بھروسہ کرے جس کے سوا کسی اور سے نہ ڈرے کسی اور پر تکیہ نہ کرے جس کی تمام باتوں کا یقین و اعتماد کرے اور جس کی بڑائی اور اکرام اس کے نفس میں ہو یہ لا الہ الا اللہ کے معنی ہیں کہ یہ کسی اور کے

ساتھ نہیں صرف اللہ کے ساتھ ہے۔

پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے عمل سے اس امر و نہی کا اظہار کیا ہے اسے شریعت کہتے ہیں اس کا اتباع کرنا ایمان ہے یعنی خدائی بھی اس اللہ کے سوا کسی اور کی نہیں ماننا اور اللہ کو مانتا ہو تو اس طریقے کے مطابق جو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کی طرف سے لائے ہیں۔ قرآن کا فرمان ہے کہ جب تک آدمی زندگی کے تمام پہلوؤں میں اللہ کا حکم نہ مانے شریعت کی پیروی نہ کرے وہ مومن اور مسلمان نہیں ہو سکتا۔

جو لوگ اللہ کے حکم کو پسند نہیں کرتے اپنے ہوا و ہوس کے تابع ہو کر اللہ کے حکم کو چھوڑتے ہیں اور شیطان کی اتباع کرتے ہیں اسلام کو چھوڑ دیتے ہیں قرآن کی رو سے مرتد کہلاتے ہیں ارتداد کیا ہے شیطان کی تابعداری ہے اور شیطان کیا ہے وہ تمام طاقتیں جو انسان کو اللہ کی راہ سے ہٹا کر دوسری راہ پر لگا دیں وہ شیطانی اور شیطانی قوتیں کہلاتی ہیں جو لوگ زندگی کے کسی شعبے میں تو اللہ کی تابعداری کریں اور کسی میں اس کے احکامات کی پابندی نہ کریں بلکہ اپنی خواہشات کسی افسر و حاکم کسی پارٹی لیڈر یا کسی ملک یا طاقت اور یا کسی غیر اسلامی نظام کی اتباع کریں ارتداد کا شکار ہوتے ہیں۔

یہود و نصاریٰ نے اللہ کے احکامات چھوڑ دیئے تھے اپنے علماء اور نیک بندوں سے رب اور خدا بنا دیئے تھے ان کی اقوام کو اہمیت دیتے تھے اللہ کا حکم ہے کہ ان سے لڑائی و قتال کرو۔ ائمہ کرام اس بات پر متفق ہیں کہ کامل اور مکمل یقین صرف اللہ اور رسولؐ کے قول کا کیا جانا چاہئے۔ جن علماء اور بزرگوں کے اقوال اس میزان پر پورے اتریں انہیں لو باقی چھوڑ دو۔

جو لوگ زندگی کے کسی شعبہ میں اللہ کے حکم سے نکلیں اور اسے خود پر لازم نہ سمجھیں وہ مسلمان نہیں رہ سکتے۔ اللہ کے حکم کی تطبیق کی خاطر لوگوں کو دعوت دینے کے لئے اللہ تعالیٰ نے انبیاء اور پیغمبر بھیجے رسول کریمؐ نے تیرہ سال تک مکہ میں دعوتِ دین کی تحریک چلائی، پیغمبرؐ کی دعوت ان کا کلام، لہجہ، خلوص، حکمت عملی، دلیل محبت مختصر آپؐ کی دعوت میں قبولیت کی تمام شرائط موجود تھیں لیکن تیرہ سالوں میں مکہ کے دو سو سے کم لوگ ایمان لائے اللہ تبارک و تعالیٰ کو علم تھا کہ یہ جہل تعصب اور عناد کے دلدل پر سوار لوگ صرف باتوں کے راستے سے اصلاح کی طرف نہیں آئیں گے جب رسول مقبولؐ نے مدینہ ہجرت کی، علم جہاد بلند کیا، ہجرت کے آٹھویں سال جب مسلمانوں کا لشکر مکہ میں داخل ہو رہا تھا تو دس ہزار صحابہ کرامؓ تھے اور پانچ روز بعد جب ہوازن کی جنگ میں مسلمانوں کا لشکر روانہ ہو رہا تھا تو اس میں مکہ کے دو ہزار جوان شامل ہو چکے تھے اشاعت دین کے لئے تبلیغ کی اپنی جگہ اہمیت ہے لیکن صرف تبلیغ سے بھی کام نہیں ہوتا۔

اللہ تعالیٰ نے رسولؐ کو حکم دیا کہ اللہ کی راہ میں قتال کرو یہاں تک کہ دین و تابعداری احتیاج اور حکم صرف اللہ کے لئے رہ جائے اور فتنہ باقی نہ رہے۔ یعنی دعوت کے ساتھ ساتھ فتنہ و فساد، کفر اور ظلم و ناانصافی کے خلاف جہاد و قتال بھی ضروری ہے۔

مجاہد بھائیو! جہاد اس لئے فرض نہیں ہوا کہ ایک کمانڈر اس گاؤں میں امیر یا حاکم ہو جائے اور دوسرا کمانڈر دوسرے گاؤں کا امیر ہو جائے اور دور جاہلیت کی طرح ایک بار پھر گروہی اور قبائلی زندگی شروع ہو بلکہ یہ جہاد اسلام کی حاکمیت کے لئے تھا ظلم و جاہلیت اور غیر اسلامی نظام کے خاتمے کے لئے تھا۔ اس وقت افغانستان میں ایک بھی علاقہ ایسا نہیں جہاں امن کی ضمانت ہو اور شریعت کی حاکمیت ہو۔

کنڑ آزاد ہے اس میں کمانڈر، امیر اور مجاہدین کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ اپنی مرضی اور اختیار سے یہاں شریعت نافذ کرے۔ اگر آپ ایسا فیصلہ کریں گے تو میں یا پشاور کے دوسرے قائدین آپ کو اس سے منع نہیں کر سکتے نہ اس میں دخل اندازی کر سکتے ہیں۔ نہ ہی اس سلسلے میں تم پر عبوری حکومت یا کسی قائد کا زور چلتا ہے۔ دوسرے تو صرف لالچ دے سکتے ہیں باقی کام تو ہم اپنی مرضی سے کرتے ہیں ہم اور آپ اس علاقے میں شریعت کے نفاذ اور امن کے قیام کی ضرورت محسوس کرتے

ہیں۔ ہم نے جہاد اس مقصد کے لئے شروع کیا تھا۔ اب اگر ہم ایسا نہیں کرتے تو کیا ہم اللہ کے سامنے جھوٹے نہیں ہوں گے کیا اس کی ذمہ داری ہم دوسروں پر ڈال سکتے ہیں اگر ہم خود ایسا نہیں کرتے تو قیامت کے روز ہم کسی پارٹی راہنما حکمت یار، سیاف وغیرہ کے گریبان میں ہاتھ نہیں ڈال سکیں گے۔

مجاہد بھائیو! روس افغانستان سے نکلا یہ اللہ کے فضل اور نصرت سے ہوا ہماری شہادت اور قربانیوں سے نہیں اللہ نے روسیوں کی پسپائی سے ہمارے جہاد کا پردہ رکھا۔ اللہ کہتا ہے کہ تم بندگی کی حدود سے باہر نہ نکلو، نصرت و کامیابی کے اسباب میں فراہم کرتا ہوں ہم اگر ساری عمر سجدے میں گر جائیں تب بھی یہ احسان پورا نہیں کر سکتے کہ اللہ نے جہاد اور مجاہد کی آبرو رکھ لی یہ جہاد تو اس لئے نہیں تھا کہ کمانڈروں کی ٹھیکیداری قائم ہو جائے۔ افغان میں جا کر دیکھو کمانڈر آپس میں لڑ رہے ہیں۔ ٹھیکیداری قائم ہے اور حکومت مرکز کو صرف اس لئے زندہ رکھا گیا ہے کہ دونوں جانب سے مال ہڑپ کیا جائے ایسے کمانڈر جہاد کی آخری کامیابی کی راہ میں رکاوٹ ہیں ایسے امیر اور کمانڈر جن میں ایمان، شعور، جرات اور فہم و ادراک ہو جہاد کی پشت پناہی کرتے ہیں مگر ایسے لوگ کم ہیں یہی وجہ ہے کہ جہاد روز بروز کمزور ہوتا جا رہا ہے اللہ کے فضل سے ہمارے ہاتھ صاف ہیں ہم نے ایسا نہیں کیا۔ کمانڈروں نے جگہ جگہ پھاٹک بنائے ہیں کہ جن میں مال لیا جا سکتا ہے اس بد نظمی، اللہ کے حکم سے بغاوت، نافرمانی اور جہاد کی اصل روح کو بھلانے کے نتیجہ میں دشمن کامیاب رہا۔ مجاہدین کو جلال آباد کی فرنٹ لائن کے مورچوں سے پسپا ہونا پڑا۔

ہم کنڑ کے مجاہدین سے کہتے ہیں کہ اللہ نے آپ پر لطف کیا کہ آپ کو سب سے پہلے جہاد کے لئے منتخب کیا آپ لوگوں نے اس جہاد کو شروع کیا اور اب پھر آپ پر اللہ نے لطف و کرم کیا ہے کہ سب سے پہلے اس صوبے کنڑ کو آزاد کرایا اس کے ساتھ ساتھ کیمپوں میں قرآن و حدیث کی درس و تدریس کا انتظام کرنے کی قوت دی۔ چنانچہ دینی فہم و ادراک جو کنڑ کے لوگوں میں ہے کسی اور قوم میں نہیں۔ یہ تمام نعمتیں جو اللہ تعالیٰ نے ہمیں دی ہیں اس کا تقاضا ہے کہ ہم جہاد کو اس کے اغراض کو مقاصد کے حصول تک جاری رکھیں ان لوگوں کا ساتھ نہ دیں جو ذاتی اور مادی مفادات کے لئے اجتماعی معاشرے کو نقصان پہنچاتے ہیں اللہ تعالیٰ رحمٰن و رحیم ہے۔ اس کا آخری پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رحمتہ للعالمین ہے اس کا قرآن اور دین انسانوں کے لئے رحمت ہے جو لوگ ہمیں اس رحمت سے محروم رکھنا چاہتے ہیں کبھی کچھ کہتے ہیں اور کبھی کچھ ایک روز ایک معاہدہ کرتے ہیں اور دوسرے روز دوسرا اگر ہم اپنی زندگی اپنا معاشرہ ان لوگوں کے تابع کریں تو نہ معاشرہ درست ہو سکتا ہے نہ اس علاقے میں امن آ سکتا ہے اور نہ ہی مہاجر کیمپوں میں کس مپرسی کی زندگی گزارنے والے مہاجرین واپس آ سکتے ہیں۔ رکاوٹ کیا ہے۔ صرف یہی کہ ہر مجاہد چاہتا ہے کہ اس کی مرضی چلے جو لوگ مادی مفادات پر اللہ اور رسول کے حکم کو پس پشت ڈالتے ہیں رسول کریم کا فرمان ہے کہ ایسے لوگ بد بخت ہیں تباہ و برباد ہیں اور ان کے لئے دنیا و آخرت کی ناکامی و رسوائی ہے۔

میرے مجاہد بھائیو!

آپ کو یاد ہو گا جب آپ نے اس جہاد کا آغاز کیا تھا تو آپ کہتے تھے کہ ہم نے اللہ کے لئے جہاد شروع کیا ہے اس جہاد کے تقریباً بارہ سال ہو گئے اب جب کہ اللہ تعالیٰ کا حکم حاکم نہیں یہ معاشرہ اس کے احکامات و ہدایات کے مطابق نہیں بنا ہے۔

آیئے عہد کریں کہ اس میں فساد کو نہیں آنے دیں گے اور خود کو اللہ کے سامنے شرمندہ نہیں کریں گے ورنہ کہیں ایسا نہ ہو کہ اللہ تعالیٰ ہم سے ناراض ہو اور ہمارے دشمنوں کو ہم پر مسلط کر دے۔

آیئے عہد کریں کہ افغانستان میں مکمل اسلامی نظام کے نفاذ اور ایک اسلامی معاشرے کے قیام تک جہاد فی سبیل اللہ کو جاری رکھیں گے۔

حادثۂ کنڑ — اور شیخ جمیل الرحمٰن شہید

حافظ صلاح الدین یوسف

۲۲ اگست اور ۳۰ اگست ۱۹۹۱ء' یہ دو دن ہماری تاریخ اسلام کے المناک ترین دنوں میں سے ہیں۔ ۲۲ اگست کو صوبہ کنڑ کی اس امارت اسلامی پر یلغار کر کے اسے مشکل حالات سے دوچار کر دیا گیا جو وہاں روسی تسلط کے خاتمے کے بعد شوال ۱۴۱۰ھ میں قائم کی گئی تھی۔ گویا تقریباً ڈیڑھ سال کے بعد اس نوزائیدہ اسلامی حکومت کو تباہ کرنے کی مذموم سعی کی گئی۔

۳۰ اگست کو جہاد افغانستان کے مجاہد اول' جماعۃ الدعوۃ الی القرآن والسنہ کے قائد اور امارت اسلامی کنڑ کے امیر الشیخ جمیل الرحمٰن کو باجوڑ میں شہید کر دیا گیا۔ اور یوں راستے کے ایک سنگ گراں کو ہٹا دیا گیا جو ملحدوں اور کمیونسٹوں کے مقابلے میں ایک آہنی دیوار تھا

بہت سے لوگ ابھی تک صوبہ کنڑ کی امارت اسلامی اور اس کے امیر شہید شیخ جمیل الرحمٰن کی شخصیت سے پوری طرح آگاہ نہیں ہیں' اس لئے وہ مذکورہ امارت شرعیہ کی اہمیت و افادیت اور شیخ شہید کی عظمت و کارناموں کو سمجھنے سے قاصر ہیں اور اسی وجہ سے وہ اس سازش کی گہرائی و گیرائی اور خطرناکی سے بھی بے خبر ہیں جس کے نتیجے میں اہل اسلام کو امارت اسلامی اور اس کے بانی امیر کی عظیم شخصیت سے محروم ہونا پڑا۔

شیخ جمیل الرحمٰن کی نابغہ روزگار شخصیت

ا۔ شیخ جمیل الرحمٰن علیہ الرحمۃ کی شخصیت ایک نابغہ عصر اور نادرۂ روزگار شخصیت تھی' علم و فضل' حلم و تدبر میں ممتاز' قیادت وسیادت کی بہترین صلاحیتوں کے حامل اور جلال و جمال کا پیکر حسین۔ بقول علامہ اقبالؒ ؎

ہو حلقہ یاراں تو بریشم کی طرح نرم
رزم حق و باطل ہو تو فولاد ہے مومن
نگہ بلند' سخن دلنواز' جاں پرسوز
یہی ہے رخت سفر میر کارواں کے لئے
یہ غازی یہ تیرے پراسرار بندے
جنہیں تو نے بخشا ہے ذوق خدائی
دو نیم ان کی ٹھوکر سے صحراء و دریا
سمٹ کر پہاڑ ان کی ہیبت سے رائی
ہر لحظہ ہے مومن کی نئی آن نئی شان

گفتار میں کردار میں اللہ کی برہان
قہاری و غفاری و قدوسی و جبروت
یہ چار عناصر ہوں تو بنتا ہے مسلمان
جس سے جگر لالہ میں ٹھنڈک ہو وہ شبنم
دریاؤں کے دل جس سے دہل جائیں وہ طوفان

جن لوگوں کو شیخ شہیدؒ کی زیارت اور ان کی گفتگو سننے کا موقع نہیں ملا' وہ شاید اسے مبالغے اور غلو سے تعبیر کریں لیکن جن لوگوں کو یہ سعادت حاصل ہوئی ہے کہ انہوں نے قریب سے شیخ کی شخصیت اور اس کے تابندہ پہلوؤں اور عظمت کردار کو دیکھا ہے وہ ہمارے اس تاثر سے اتفاق کریں گے کہ موصوف سید احمد شہیدؒ' شاہ اسمٰعیل شہیدؒ اور ان کے قریبی رفقاء و خلفاء (مولانا ولایت علی' مولانا عنایت علی و غیرھما) کے بعد خاک افغان برصغیر پاک و ہند میں پیدا ہونے والی دینی شخصیات میں ایک نہایت سربرآوردہ شخصیت تھی' انہی صلاحیتوں اور اوصاف کے وہ حامل تھے جن سے اللہ تعالیٰ نے تحریک جہاد کے قائدین کرام کو نوازا تھا اور اس لحاظ سے وہ یقیناً اس فارسی شعر کے مصداق تھے۔

عمر ہا در کعبہ و بت خانہ مے نالا حیات
تاز بزم عشق یک دانائے راز آید بروں

واقعہ یہ ہے کہ شیخ جمیل الرحمٰن جیسے لوگ روز روز پیدا نہیں ہوتے۔ وہ ان ابطال و اساطین میں سے تھے جو لیل و نہار کی ہزاروں گردشوں کے بعد جنم لیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ان کو انقلابی' اصلاحی اور تجدیدی کارناموں کی توفیق سے نوازتا ہے۔

شیخ جمیل الرحمٰن رحمہ اللہ نے بھی ان سنگلاخ وادیوں اور دشوار گزار گھاٹیوں میں توحید و سنت کے چراغ روشن کئے جہاں باد صرصر کے تھپیڑے کسی شمع کو فروزاں نہیں رہنے دیتے۔ اور ایسی کندۂ نا تراش قوم کے دلوں کو توحید و سنت کے خالص عقیدوں سے منور کیا جن کے قلوب پتھروں سے بھی زیادہ سخت ہیں اور ان علاقوں میں کلمۃ اللہ اور دین اسلام کا علم سربلند کیا' جہاں کمیونسٹوں' ملحدوں اور ان کے گماشتوں نے اپنے گہرے پنجے گاڑے ہوئے تھے۔

صوبہ کنڑ میں امارت اسلامی کا قیام

عقیدے کی اصلاح کے ساتھ شیخ شہیدؒ کا دوسرا عظیم کارنامہ یہ ہے کہ انہوں نے روس میں اشتراکی تسلط کے خلاف نہ صرف جہاد کا آغاز کیا بلکہ ۱۳ سالہ جہادی کوششوں اور سرگرمیوں کے بعد جب صوبہ کنڑ آزاد ہوا تو انہوں نے وہاں بلاتاخیر اسلامی امارت قائم کر دی' جب کہ جہاد افغانستان میں سرگرم کسی بھی تنظیم یا جماعت کو یہ توفیق نہیں ہوئی کہ وہ آزاد کردہ علاقوں میں شرعی امارت قائم کریں۔ یہ شرف و امتیاز بھی صرف شیخ شہیدؒ کو حاصل ہوا کہ انہوں نے ایک علاقے میں' جس کے آزاد کرانے میں شیخ موصوف اور ان کے رفقاء و مجاہدین کا سب سے زیادہ حصہ تھا' شرعی امارت عملاً قائم کر دی۔ جس کے نتیجے میں صوبہ کنڑ ایک مثالی علاقہ بن گیا۔ وہاں

- حدود اللہ کا نفاذ کیا گیا
- ڈاکوؤں اور لٹیروں کا خاتمہ کیا گیا
- افیون کی کاشت پر پابندی عائد کر دی گئی
- منشیات ضائع کر دی گئیں اور اس کی تجارت کا سختی سے سدباب کیا گیا
- روسی بمباری کے نتیجے میں شہید ہونے والی مسجدیں دوبارہ تعمیر کی گئیں اور وہاں امام و خطیب اور مدرس کا سرکاری سطح پر انتظام کیا گیا۔
- دینی تعلیم و تدریس کے لئے سینکڑوں کی تعداد میں مدارس و مکاتب کھولے گئے' جہاں تعلیم حاصل کرنے والے طلباء و طالبات کی تعداد ۳۰ ہزار ہے
- مجاہدین کی تنظیموں کو جہاد افغانستان میں حصہ لینے کے لئے ہر طرح کی سہولتیں بہم پہنچائی گئیں تاکہ افغانستان کی مکمل آزادی اور پورے افغانستان میں اسلامی حکومت کے قیام کا مرحلہ قریب آ جائے۔
- راستے پرامن بنا دیئے گئے جس کی وجہ سے کابل اور اس کے نواح پر مجاہدین کے لئے حملہ کرنا بہت آسان ہو گیا' جب کہ

دفعہ ۱ دستور کا یہ اعلان کی اسلامی امارت اداداری

منظور دوب اسلامی اوجماعۃ الدعوۃ الی القرآن والسنۃ

تنظیم نو دستور ہونے پر منیخ کی تفصیلی بحث قرارداد کنندہ لانڈری

تفصیلی دیکھیں

۱ یہ دلائے گئے کہ حکومت جوڑو اور نیم حکومت قوم یہ امارت

اسلامی وی -

۲ امارت اسلامی چہ مکہ جوڑ شی ما ملیک یہ دحکومت ہ اختیاری

راجول گیندی - قضاء - نفاذی - مالی - اوہنیتہ یہ دامارت

دسلطنی یہ دختیاری وی اونورہم -

۳ دحکومت او تنظیمونو یہ منیخ کی، رابطہ درکی وی کومی ارادے تہ چہ

شریعت اجازہ ورکوی -

۴ دامارت اسلامی یہ مقابل کی چہ دکوم عمل چہ شریعت منع

کولو حکم یہ نہ کوو اوکوم عمل چہ دشریعت موافق وی

حکم یہ عملی کوو -

طرز تشکیل

۱ طرز تشکیل حکومت یہ دری وی چہ انتخابات پہ پہ جماعتی

شکل پہ ملوں ولائے کی ترسرہ کیبنی اوددے انتخابات تو پہ نتیجہ کی

یہ دھر تنظیم دقوت اوراکثریت فیصدی قوگندیبنی اوددغہ فیصدی

نہ کمی یہ دغہ ملکو معیا روتو یہ موجودیت دتر کیب دکمیتی یہ تائید

دتنظیم نحہ اخذ کیبنی -

۲ ھر خوک دحکومت نحہ یہ موظیفی آیادو وظیفہ دارا وتنخواہ

خوارتابہ تن حکم کس یہ دراری دورکولو حق نہ لری -

۳ ھر خوک چہ دحکومت مدیتہ دکنڑ یہ دلائے د ۶۷ کال دلنوار میاشتی

پوری تابہ وی چہ دغہ وخت دبر یکوت دتعلیم ہم وی دغہ کس دراری حق نہ لری

نہ لہا وتنری ہم وی اوددے پرتہ دقتح قتی تہا وو دراری دورکولو حق نہ لری

۴ انتخابات یہ دمنتخب نمایندو پہ سرپرستی دیمانی پروگرام لاندی ترسرہ کیبنی

اس سے پہلے صورت حال اس کے برعکس تھی' راستے مخدوش تھے اور مجاہدین راستے میں ہی دشمن یا لٹیروں کے حملے کا شکار ہو جاتے تھے۔

تقریباً ڈیڑھ سال یہ اسلامی حکومت قائم رہی۔ اس کے اچھے نتائج سامنے آ رہے تھے' اس کے ثمرات و برکات سے لوگ بہرہ ور ہو رہے تھے اور معاشی آسودگی بھی لوگوں کو حاصل ہو رہی تھی۔ جس کی وجہ سے یہ صوبہ دیگر تمام آزاد شدہ علاقوں میں ایک امتیازی حیثیت کا حامل ہو گیا تھا' کسی بھی آزاد شدہ علاقہ میں کسی قسم کا امن نہیں ہے' کسی کی جان و مال اور عزت و آبرو محفوظ نہیں ہے اور کہیں بھی کسی تنظیم نے اسلامی امارت قائم کرنے کی طرف توجہ نہیں دی۔ نتیجہ ہر طرف لوٹ مار کا بازار گرم ہے' انارکی اور انتشار ہے' خوف اور دہشت کا تسلط ہے اور لاقانونیت کی حکمرانی ہے۔ علاقہ تخار میں حزب اسلامی اور دیگر پارٹیوں کے آپس کے جھگڑوں میں اب تک چار ہزار سے زیادہ مسلمان قتل ہو چکے ہیں۔ اس قسم کے حالات سے مجاہدین کنڑ کو محفوظ رکھنے کے لئے امارت اسلامی کا قیام عمل میں لایا گیا۔

صوبہ کنڑ میں امارت اسلامی کے قیام اور حدود اللہ کے نفاذ کی وجہ سے صورت حال اس کے برعکس ہے اور اس فرق و امتیاز کو۔۔ جو کنڑ اور دوسرے آزاد شدہ علاقوں میں ہے۔۔ لوگ دیکھ رہے تھے' اس سے متاثر ہو رہے تھے اور اس سے اسلامی نظام کی طلب اور تڑپ میں اضافہ ہو رہا تھا۔ اس صوبے کی یہی خوبی اس کے لئے ابتلاء اور شیخ شہید کی مخلصانہ کاوشیں ان کی شہادت کا باعث بن گئیں۔

اے روشنی طبع تو برمن بلا شدی

کنڑ کی امارت اسلامی

کے خلاف سازش اور یلغار

کنڑ کی یہ اسلامی امارت اگرچہ تمام جہادی تنظیموں کی باہمی مشاورت اور رضامندی بلکہ مروجہ جمہوری انتخابات کے ذریعے سے اکثریت حاصل کر کے قائم کی گئی تھی۔ علاوہ ازیں اس کا مقصد قیام بھی واضح تھا کہ افغانستان میں روس اور اس کے پٹھوؤں کے تسلط کے خلاف جدوجہد اور جہاد کا مقصد ہی افغانستان کے اسلامی تشخص کا احیاء و بقاء ہے تو پھر آزاد شدہ علاقوں میں اسلامی شریعت کے نفاذ میں تاخیر کا کوئی جواز نہیں ہے۔ اس لئے شیخ شہیدؒ کا یہ عزم اور اقدام۔ امارت اسلامی کا قیام۔ جہاد افغانستان کے مقاصد سے بھی ہم آہنگ اور اس کی تکمیل کا ایک اہم ذریعہ تھا۔

لیکن حکمت یار اور ان کے بعض ساتھیوں نے انتخابات میں ناکامی کے بعد اس امارت اسلامی کے ساتھ تعاون کرنے کی بجائے' معاندانہ رویہ اختیار کر لیا اور تمام معاہدوں' اخلاقی ضابطوں اور شرعی اصولوں کو نظرانداز کر کے اس کی راہ میں روڑے اٹکانے اور اسے ناکام بنانے کی مذموم کوششیں شروع کر دیں۔ حتیٰ کہ بالآخر جہاد میں مصروف دیگر تنظیموں' قبائلیوں اور ڈاکوؤں اور لٹیروں سب کو اس امارت اسلامی کے خلاف تیار کر کے یکبارگی منظم حملہ کر کے اس کے دارالخلافت اسعد آباد پر قبضہ کر لیا گیا' وہاں موجود تمام اسلحہ اور سامان لوٹ لیا گیا' سلب و نہب کے علاوہ خوں ریزی سے بھی دریغ نہیں کیا' حتیٰ کہ جو افراد زندہ قابو آ گئے' ان کا مثلہ کر کے انہیں دریائے کنڑ کی موجوں کے حوالے کر دیا گیا۔ غرض ہر وہ کام کیا جو شرم و اخلاق سے عاری ایک فاتح فوج غیر ملک کے مفتوح عوام کے ساتھ کرتی ہے۔ جسے قرآن کریم نے سورۃ النمل کی آیت میں بیان فرمایا ہے۔

ان الملوک اذا دخلوا قریۃ افسدوھا وجعلوا اعزۃ اھلھا اذلۃ

"جب بادشاہ کسی بستی میں داخل ہوتے ہیں تو اسے برباد کر ڈالتے ہیں اور وہاں کے عزت مندوں کو بے عزت کر دیتے ہیں"

شیخ جمیل الرحمٰن شہیدؒ نے جوابی اقدام کی بجائے' صبر سے کام لیا۔ اور مسلمانوں کو خونریزی سے بچانے کے لئے دفاعی

پالیسی اختیار کی۔ حالانکہ یہ بدعہدی اور اسلامی مقاصد سے غداری کی ایک بدترین مثال تھی۔ لیکن شیخؒ کا موقف یہ تھا کہ جوابی کاروائی میں ایک تو عوام کی ناحق خوں ریزی ہو گی اور دوسرے، باہم قتال و جدال سے جہاد افغانستان کے اصل مقصد سے ہم بہت دور ہو جائیں گے۔ اس لئے شیخؒ نے صرف یہ کہا کہ ایک اسلامی عدالت قائم کی جائے اور وہ اس قضیہ کا شرعی فیصلہ کرے۔ اسلامی عدالت جو بھی فیصلہ کرے گی ہمیں منظور ہو گا۔

ابھی باہم گفت و شنید اور صلح و مفاہمت کا یہ سلسلہ جاری تھا اور بہت سے عرب ساتھی اس کے لئے مخلصانہ کوششیں کر رہے تھے کہ ۳۰ اگست کو۔ یعنی حادثہ اسعد آباد کے ایک ہفتے بعد--- شیخ علیہ الرحمتہ کو شہید کر دیا گیا۔ انا للہ و انا الیہ راجعون

شیخ شہیدؒ کی شہادت سے یہ بات مزید واضح ہو گئی کہ بدعہدی کرنے والے اپنے مجرمانہ فعل پر مصر ہیں، انہیں اس بات سے کوئی غرض نہیں کہ ان کی ان سازشوں سے جہاد افغانستان کی مساعی پر کیا اثر پڑے گا؟ قریب آئی ہوئی یہ منزل، دور ہو جائے گی اور جہاد افغانستان کا مسئلہ اختلافات اور خانہ جنگی کی نذر ہو جائے گا۔ ان کے سامنے تو صرف ایک ہی بات معلوم ہوتی ہے کہ شیخؒ اور ان کے رفقاء کی مساعی سے افغانستان میں توحید و سنت کی جو قندیلیں روشن ہوئی ہیں امن و امان اور جہاد کو استحکام ملا ہے۔ اور جن کی وجہ سے تقلید و جہل کی تاریکیاں اور شرک و بدعت کی گمراہیاں دور ہو رہی ہیں اور جن کی روشنیوں کا دائرہ روز افزوں ہے، کسی طرح یہ شمع ربانی اور قندیل رحمانی بجھ جائے۔ چنانچہ بزعم خویش وہ اس شمع کو فی الحال ظاہری طور پر بجھانے میں اپنے آپ کو کامیاب خیال کرنے لگے۔ مگر بہت جلد ان پر یہ حقیقت بھی واضح ہوئی۔ کہ کنڑ کے مجاہدین کے منتخب ادارے میں مخل ہو کر انہوں نے اپنے پاؤں پر کلہاڑا مارا ہے۔ اور باہر کے کرائے کے لشکر سے کنڑ کے عوام کی جان و مال کو لوٹ کر کے انہوں نے عمر بھر کے لئے افغانستان کے مختلف صوبہ جات میں مصائب کے بیج بو دیئے۔ اور اب اپنی اس غیر دانشمندانہ حرکت پر کنڑ کے عوام کے غیظ و غضب کا نشانہ بن رہے ہیں۔ ہمارا ایمان ہے۔ کہ یوم الحساب کا دن آئے گا۔ مگر اس سے پہلے بھی کنڑ کے مجاہد مسلمانوں اور علماء اسلام کی عدالت میں بھی انہیں ضرور حساب دینا پڑے گا۔

شیخؒ جو شمع جلا گئے ہیں، وہ اب انشاء اللہ فروزاں اور ضوء فشاں رہے گی، ان کی مظلومانہ شہادت اگرچہ ان کی جماعت اور ان کے رفقاء کے لئے بہت بڑا حادثہ ہے۔ لیکن ان کا مشن کوئی ذاتی نہیں تھا، ان کا مقصد شخصی نہیں تھا اور ان کی غرض انفرادی نہیں تھی۔ ان کی زندگی اور موت صرف اللہ کے لئے تھی، اس کے دین کی سربلندی ان کا مقصد تھا، اور اسلامی شریعت کا نفاذ ان کا مشن تھا۔ ان کا یہ مشن جاری رہے گا، توحید و سنت کا وہ علم، جو انہوں نے بلند کیا تھا، سرنگوں نہیں ہو گا اور ان کی جلائی ہوئی شمع دعوت و عزیمت انشاء اللہ فروزاں رہے گی۔

نور خدا ہے کفر کی حرکت پہ خندہ زن
پھونکوں سے یہ چراغ بجھایا نہ جائے گا

اور

شب گریزاں ہو گی آخر جلوۂ خورشید سے
یہ چمن معمور ہو گا نغمہ توحید سے

یریدون ان یطفئوا نور اللہ بافواھھم واللہ متم نورہ و لو کرہ الکافرون۔

جہادِ افغانستان

امارتِ اسلامی کا قیام

الحمد للہ و حدہ و الصلوۃ و السلام علی من لا نبی بعدہ و علی الہ و صحبہ - اما بعد

افغانستان میں جاہلیت کی رات طویل ترین ہو گئی حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں اپنی مدد سے سرزمین افغانستان کا معتدبہ حصہ فتح کرنے کی سعادت نصیب فرمائی اور خدا کے فضل و کرم سے سرخ ریچھ ذلیل و رسوا ہو کر نکل گیا مگر اس کی کچھ باقیات ایسی رہ گئیں جو سرزمین افغانستان میں شرعی حکم کے قیام میں رکاوٹ ہیں- صوبہ کنڑ وہ پہلا صوبہ ہے جو الحادی شرک اور قبوری خرافات سے آزاد ہوا- یہ سب کچھ خدا کے فضل و کرم اور خالص عقیدہ توحید کے حامل علماء کی دعوت و تبلیغ اور اشتراکی قبضہ کے خلاف جہاد کا نتیجہ ہے جس کا آغاز شیخ جمیل الرحمٰن نے کیا تھا اور یہ ایسی حقیقت ہے جس کا اعتراف تمام گروپوں کے سربراہوں سمیت ہر اپنے اور پرائے کو کرنا پڑتا ہے- ہم نصرت خداوندی پر خوشی کا اظہار بھی نہ کر پائے تھے کہ مختلف گروہ بعض مناصب کے حصول کیلئے ذاتی چپقلش سے بے چین ہو گئے' چنانچہ ہم نے ان کے سامنے اس بات کی دعوت رکھی کہ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی تعمیل کی جائے' کہ وہ لوگ اگر ہم انہیں زمین میں حکومت عطا کریں تو وہ نماز قائم کرنے' زکوۃ ادا کرنے اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ سرانجام دیتے ہیں- ہم نے ان پر یہ بات واضح کی کہ اسلامی شریعت کا نفاذ توحید باری تعالیٰ اور لوگوں کا اپنے رب کی بندگی بجا لانا جہاد کا اصل مقصد ہے- جہاد تو ایک وسیلہ ہے- نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو جب اللہ تعالیٰ نے مدینہ منورہ میں قوت بخشی تو آپ نے سارے جزیرہ عرب کے فتح ہونے کا انتظار نہیں فرمایا

ہماری بات کو دوسری جماعتوں کے کئی ایسے حضرات نے تسلیم کیا جنہوں نے کسی حد تک صوبہ کنڑ کی آزادی میں حصہ لیا تھا- لہٰذا ہم اس پر بڑے خوش ہوئے- اور وہ خواب حقیقت کا رنگ دھارنے لگا- ہمارے دلوں میں امید کے چراغ روشن ہونے لگے اور تمام متعلقہ اطراف سے عملی اقدامات کئے جانے لگے- ہماری گردنیں جہاد کے ثمرات حاصل کرنے کیلئے اوپر کو اٹھنے لگیں اور اس کھیتی کو کٹتا دیکھنے لگیں جسے ہم نے مسلم افغانستان میں شہداء کے خون سے سیراب کیا تھا- چنانچہ اہل حل و عقد کے اجتماع سے امارت اسلامیہ کے قیام کا اعلان ہوا- ہزاروں آدمیوں نے شیخ جمیل الرحمٰنؒ کے ہاتھ پر عام بیعت کی- معاملہ آپ کے کنٹرول میں آگیا- دعوت میں آپ کی سچائی اس طرح ثابت ہوئی کہ آپ نے توحید خالص کا اظہار کیا- ڈاکوؤں اور منشیات کے تاجروں کا خاتمہ کیا' افیون کی فصلوں کو برباد کر دیا اور تمباکو کو جلا دیا- شرعی حدود کو نافذ کیا- اقامت صلوۃ کا اہتمام کیا اور اس دوران دکانیں بند رکھنے کا حکم جاری کیا- نیز کئی ایک فلاح عامہ کے کام سرانجام دیئے-

ابھی تھوڑا ہی عرصہ ہوا تھا کہ ہمارے خلاف سازشیں

شروع کر دی گئیں اور ہر طرف سے ہمارے خلاف جتھے بندیاں ہونے لگیں کیا یہ جتھے بندیاں سوشلسٹوں کی طرف سے تھیں؟ یا ان کے خلاف مجاہدین کی؟ نہیں ہرگز نہیں وہ ہمارے ہی بھائی تھے جن کے ساتھ مل کر ہم بھی جہاد کرتے' وہ مسلمان تھے۔ ملت اسلامیہ کے فرزند تھے۔ جنہوں نے ہمارے خلاف بغاوت کی اور ہمیں ایک ہی کمان سے نشانہ بنایا۔ ان کا ایک ہی نعرہ تھا' "وہابیت سے لڑو" ایک شریف انسان کیلئے قاطع تلواروں کی کاٹ سے بھی اقرباء کا ظلم زیادہ تکلیف دہ ہوتا ہے۔

اگر یہ گروہ جلال آباد یا کابل کے خلاف اکٹھے ہوتے تو وہ باذن اللہ فتح ہو جاتے۔ وہ کسی بھی دن اس طرح متحد نہ ہوتے جس طرح ہمارے خلاف متحد ہوئے۔ انہوں نے گھروں کو برباد کیا۔ بندگان خدا اور شہروں کو تباہ و برباد کیا۔ قتل عام کیا مردوں کے ساتھ ساتھ زندوں کے ہاتھ پاؤں کاٹ ڈالے وہ ابھی تک ہمارے خلاف برسرپیکار ہیں اور ہمارا محاصرہ کئے ہوئے ہیں۔ ایک رب العالمین کے علاوہ ہمارا کوئی معاون اور مددگار نہیں ہے۔ وہ کافی ہے وکیل اور کافی ہے مددگار۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ وہ لوگ جنہیں لوگوں نے کہا کہ لوگ تمہارے خلاف اکٹھے ہو گئے ہیں لہٰذا ان سے ڈرو بس اس بات نے ان کے ایمان میں مزید اضافہ کر دیا اور وہ کہنے لگے ہمیں اللہ کافی ہے اور وہ اچھا کارساز ہے ان کا بغض و عناد اس حد تک پہنچ گیا کہ شیخ جمیل الرحمان کو شہید کر دیا گیا' یہ مجرمانہ عمل ان ظالم ہاتھوں سر سرزد ہوا جنہیں ایک خاص گروہ نے اس مقصد کیلئے تیار کیا تھا۔ ہماری امیدیں اپنے ہی بھائیوں کے ہاتھوں مایوسی میں تبدیل ہو گئیں۔ لیکن ہم ایسے نہیں ہیں ناکامی اور ہزیمت کو مادی اسباب سے جوڑتے ہیں۔ کہ ہماری افرادی قوت کم تھی یا ہماری تیاری میں کمزوری تھی۔ ہم صراحتاً اعلان کرتے ہیں کہ ہمیں جو بھی مصیبت پہنچی وہ ہمارے اعمال' گناہوں' اور کوتاہیوں کا نتیجہ ہے۔ ہم احد والوں سے بہتر نہیں ہیں۔ جنہیں خدا نے خالص بنا دیا تھا اور انہیں ایک بڑے سبق کی تخلیص کرتے ہوئے فرمایا' کیا جب تمہیں ایسی مصیبت پہنچی کہ جس سے دگنی مصیبت تم نے انہیں پہنچائی تھی تو تم نے کہا: یہ کیسے ہوا؟ آپ فرما دیجئے وہ تمہاری جانوں کی طرف سے ہے۔ یہ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کسی قوم پر احسان کر کے اسے تبدیل نہیں کرتا تاوقتیکہ وہ اپنے آپ کو خود نہ تبدیل کریں۔ اور بے شک اللہ سننے والا اور جاننے والا ہے تمہیں جو بھی مصیبت پہنچی وہ تمہارے ہی ہاتھوں کی کمائی ہے وہ اکثر چیزوں سے درگذر کر دیتا ہے۔ اور تیرا رب کسی پر ظلم نہیں کرتا۔

اس کے باوصف ہماری دعوت ہمیشہ باقی رہے گی۔ ابد الاباد تک اسے کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی۔ ہماری دعوت کا تعلق کسی شخص' زمین یا زمانہ کے ساتھ نہیں اس کے اہم تر خصائص میں سے اس کی ہمیشگی' قدامت' قیادت' وضوح اور شمولیت ہے: ہر دعوت ہر زمانے اور ہر شہر کیلئے ہے جو گروہیت کی مخالف تمزق و تفرق کی دشمن ہے۔ ہمارا زبانی اور عملی جہاد کبھی ختم نہ ہو گا۔ کہ جہاد قیامت تک باقی رہے گا۔

ارشاد ہے۔ میری امت میں سے ایک جماعت ہمیشہ حق پر رہے گی انہیں تنہا چھوڑنے والا اور مخالفت کرنے والا کبھی ان کا کچھ نہ بگاڑ سکے گا یہاں تک کہ خدائی فیصلہ آ جائے گا اور وہ اسی حالت میں ہوں گے۔ اگر تم صبر کرو گے اور تقویٰ اختیار کرو گے تو ان کی سازشیں تمہارا کچھ نہ بگاڑ سکیں گی۔

اِمارتِ اِسلامیّہ کا قیام اور انہدام

تعمیر و تخریب کی یادوں کے حوالے سے

تحریر : جناب ابوالکلام رحمانی

افغانستان ایک ایسا ملک ہے جس میں ہر ذہن اور ہر فکر موجود ہے۔ بنیادی طور پر قبائلی نظام ہے جس کا سلسلہ نسب حضرت طالوت علیہ السلام کے بیٹے افغانہ کے حوالے سے حضرۃ یعقوب علیہ السلام سے جاملتا ہے۔ یہ لوگ جو فیصلہ کرتے ہیں اس پر ڈٹ جاتے ہیں۔ اسلام نے ہی انہیں فتح کیا اس سے پہلے یا اس کے بعد کوئی اسے تسخیر بھی نہیں کر سکا۔ لیکن جہاں صراحت پسندی کی وجہ سے یہ لوگ دو حصوں میں بٹ کر کمیون اور اسلام کے نام سے کھل کر صف آراء ہوئے وہاں ادھر ادھر سے مصلحت کیشی کے جراثیم بھی ان میں سرایت کرنے لگے ہیں جس میں ذاتی مفاد اور روپے پیسے کا لالچ بھی آگیا ہے اسی وجہ سے بعض لوگ ہجرت کے نام سے ملنے والی رقم سے ہی مخلص ہیں اور کچھ کمیشن کے چکر میں ' پاکستان کی طرح بدقسمتی سے ان کی اکثریت اسلامی اقتدار سے عشق و محبت کے باوجود وہ اسلامی تعلیم کے اصلی بنیادی اور نبوی آئینہ فطرت سے بے بہر ہیں۔

یہی وجہ ہے کہ جب کتاب و سنت کے نام سے ایک حکومت قائم ہونے کا اعلان ہوا تو سب نے خیر مقدم کیا (ماسوائے لیڈروں کے جن کو سیاسی جنازہ دیکھنا پڑا) اور جب ووٹنگ کی بات ہوئی تو ۶۰ فیصد ووٹ ان کے حق میں آئے اور باقی تمام جماعتوں نے ۴۰ فیصد آواز حاصل کی

اس پر بظاہر سب لیڈروں کو امارت اسلامیہ پر اتفاق کرنا پڑا۔ اور بڑی تگ و دو کے بعد الیکشن کمیشن کو ان کی اکثریت اور ان کی حکومت کے لئے دستخط دینا پڑے کہ پانچ برس تک شیخ جمیل الرحمان جس طرح چاہیں حکومت قائم کریں۔

اور یہ ان کا احسان بھی نہیں تھا اس لئے کہ اس علاقے پر روس قبضہ کر چکا تھا۔ اور شیخ جمیل الرحمانؒ کی جماعت نے اس کو بزور شمشیر ان کمیونسٹوں سے چھینا تھا۔ اب دنیا کے ہر دستور کے مطابق ان ہی کا حق تھا کہ اس پر قبضہ کرتے اگرچہ دوسری جماعتیں بھی جہاد میں شامل تھیں لیکن ان کی تعداد ویسے بھی کم تھی اور جمہوریت نے ثابت بھی کر دیا کہ وہ تعداد میں کم ہیں۔

خلاف توقع جب حکومت بن ہی چکی تھی تو اب دوسری جماعتوں کا فرض تھا کہ وہ ان کے ساتھ تعاون کرتیں جیسا کہ افغانستان کے دوسرے علاقوں میں اور پاکستان میں بھی سلفی حضرات نے کبھی کسی کے کام میں مداخلت نہیں کی۔

لیکن ہوا یہ کہ جب شیخ جمیل الرحمانؒ کی قیادت میں دینی تعلیم اصلی بنیادوں پر فروغ پانے لگی تو آواز مخالف مختلف روپ دھارنے کے بہانے تراشنے لگی۔ بس یہی بنیادی نکتہ اختلاف

ہے جس کو واضح کرنا ضروری ہے۔ آپ جانتے ہیں کہ پاکستان میں سینکڑوں مدارس کی پالیسی ہے کہ کتاب و سنت کے نام پر جو چندہ اکٹھا ہو وہ ادب، شعر و شاعری، صرف نحو، منطق، فلسفہ، کلام، تصوف" اور بہت سے علوم پر تو ہر سال یا تقریباً ہر سال طلباء کے نصاب اور تدریس کے ذریعے صرف ہونے والے اوقات اور مساعی پر خرچ ہوتا رہے لیکن اگر اسلام کے نام پر کسی تعلیم پر خرچ ہو تو وہ صرف فقہ پر ہو اور وہ بھی ایسی فقہ جس کی نسبت اس کے قائل کی طرف ہو یا نہ ہو البتہ حکومتوں کے لئے سردردی نہ بن سکے۔

رہی قرآن مجید اور حدیث شریف کی بات تو ان میں سے ان آیات و احادیث اور ابواب و سور کو منتخب کیا جاتا ہے جو ان کے خیال کے مطابق ایک خاص نقطہ نظر کی ہم نوائی کے لئے استعمال ہو سکیں۔ یا کم از کم مخالف نہ ہوں تاکہ وہ عمارت بچائی جا سکے جسے انہوں نے اپنے پیش رو حضرات سے وصول کی ہے اور اب اسے اپنے اخلاف اور جانشینوں کے حوالے کرنا ہے اور اگر کچھ کرنا ہی پڑے تو اس قدر تیزی، گرانی اور بوجھ سے کہ وہ کتابیں جو کہ اہل حدیث حضرات چھ سالوں میں بھی پڑھنے سے مطمئن نہیں ہوتے اور بہت سی بحثوں میں مزید تحقیق کے لئے تخصص وغیرہ کا رستہ اختیار کرتے ہیں وہ یہ لوگ ایک ہی سال میں ختم کرنا جانتے ہیں۔

لیکن ہوتا وہی ہے جو کہ ہمارے ایک دوست کہتے تھے کہ ایک مدت ہوئی ہے استاذ بھی جانتا ہے کہ کیا پڑھا رہا ہوں اور شاگرد بھی کہ کیا پڑھ رہے ہیں ..... دوسرے وقفہ میں استاذ تو جانتا ہے کیا پڑھا رہا ہوں لیکن شاگرد نہیں جانتا کہ کیا پڑھ رہا ہوں۔ لیکن ..... تیسرے وقفہ میں نہ استاذ کو علم ہوتا ہے کہ کیا پڑھا رہا ہوں اور نہ ہی شاگرد کو کہ کیا پڑھ رہا ہوں۔

کبھی کسی نے سوچا کہ کتاب و سنت کے ساتھ ہی یہ امتیازی زیادتی کیوں ہوتی ہے غالباً اس لئے کہ اس کی توثیق اور تحقیق سے تو تمام مکاتب فکر کو ختم کرنا ہو گا۔

اس لئے وہ کتاب و سنت کے بنیادی مراجع سے طلباء کو بالعموم دور رکھتے ہیں۔ تو جو لوگ کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ کی کتابوں سے ہی فکر مند ہو جاتے ہیں وہ کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نام سے قائم ہونے والی حکومت کو کب تک برداشت کرتے..... بالخصوص جب انہیں یہ معلوم ہو گیا کہ سیاست اسلامی کے علاوہ مساجد میں بھی فکری انقلاب پیدا ہو رہا ہے اور مدارس میں بھی مزید مساجد بن رہی ہیں اور تین صد مدارس بھی جن کے طلباء کی تعداد تیس ہزار تک پہنچ چکی ہے ..... تو کیسے ممکن تھا کہ یہ حکومت صوبہ کٹڑ کی اس آزادی کو بحال رہنے دیتے خواہ پانچ برس کے لئے سہی۔

یہی وہ آزادی فکر تھی جس نے ان کے محدود اور متعصبانہ رویے کو علمی ٹھوکر دی جب کہ ان کے معصوم بچوں کے دل و دماغ کتاب و سنت کی اس روشنی میں نہانے لگے تھے تو پھر فوری طور پر انہیں اندھا دھند ہر وہ کارروائی کرنا پڑی جس کے ذریعے جلد از جلد اس حکومت کا خاتمہ ہو پانچ سال تو ایک طرف ایک ساعت بھی ان پر بوجھ تھا۔

کبھی امریکہ کو آواز دی، کبھی روس کو ہم نوا بنایا، کبھی کابل سے سکڈ میزائلوں سے حمہ کروایا گیا۔ کبھی حکومت پاکستان کو ملوث کیا گیا اور خاص ذہن کے لوگ جو متعین تھے ان کو دین کے نام سے دین کے خلاف ہی استعمال کیا۔ اور افغانستان کے ہی وہی لوگ استعمال کیے گئے یعنی ان کا قبیلہ جنہوں نے شاہ اسماعیل شہیدؒ کی امارت اسلامیہ کا خاتمہ کیا تھا اور اس وہابیت کے نام سے ہی ....

اور باعث تعجب یہ ہے کہ جس کمیون کو ختم کرنے کے لیے دس سال جہاد اس فتوی سے اس پر پانی پھیر دیا کہ ایک وہابی کا قتل دس کمیونسٹوں کے قتل سے بہتر اور افضل ہے اور شاید یہی وجہ تھی کہ جب سعودی عرب کی حکومت اپنوں کے فتنوں سے پریشان تھی تو یہی لوگ حرمین کے علاقے پر حملہ آور لوگوں کی حمایت کر رہے تھے۔

اگر واقعی کتاب و سنت کی دعوت وہابیت پھیلاتی ہے اور وہابیت اتنا بڑا جرم ہے کہ دس کمیونسٹوں سے بڑھ کر ہے تو شاید ان کی نگاہ میں ابو لہب اور ابو جہل تو بہت بڑے ہیرو بن گئے ہوں گے .... انا للہ و انا الیہ راجعون ..... اور اگر کتاب و سنت

کی تفسیر میں یہ لوگ واقعی غلط کار ہیں تو آپ بچپن سے ہی ایک طالب علم کو کتاب و سنت سے براہ راست پڑھا کر صحیح تفسیر سے کیوں آگاہ نہیں کرتے تو پھر اس تعلیم سے فرار کیوں کرتے ہیں بلکہ اس کی صحیح تفسیر بچپن سے ہی دل میں بٹھانا تو اصل علاج ہے اور اگر آپ کی تفسیریں بھی وہی ہیں جو کہ صحابہ کرامؓ و تابعینؒ کی ہیں تو آپ کسی ایک جگہ پر بیٹھ کر وہابیوں کا علمی دلائل سے منہ بند کیوں نہیں کر دیتے اور ان سے متبادلہ خیالات کیوں نہیں کر لیتے تاکہ یہ انتشار ملت ختم ہو جائے۔ اور امت مزید گمراہی سے بچ جائے۔

اب آپ ہی بتائیں کہ صوبہ کنڑ کے اس خونین حکمت یاری جماعتی انقلاب میں قرآن مجید' کتب احادیث اور دوسری کتابوں کی جو بے حرمتی کی گئی ان کو جلایا گیا ان کو اصطبلوں میں پھینکا گیا ان پر گولیاں برسائی گئیں کیا اس قول کی تصدیق نہیں **"وجعلوا اعزة اهلها اذلة"** کہ مفتوحہ علاقہ کی سب سے زیادہ معزز چیزیں سب سے زیادہ ذلیل کی جاتی ہیں .... گویا قرآن مجید نے یہ ثابت کر دیا کہ کنڑ میں امارت اسلامیہ کے قیام کے موقعہ پر میں چونکہ سب سے زیادہ معزز تھا اس لیے حکمت یاری انقلاب کے بعد سب سے زیادہ مجھے نشانہ انتقام بنایا گیا۔

آج کہیں گے کہ وہ جاہلوں کا کام تھا ہم کہیں گے کہ نہیں کیمونسٹوں کو استعمال کیا گیا جو کہ ان کے آلہ کار اور کرائے کے آدمی تھے اور وہابیوں کے قرآن اور وہابیوں کی حدیثوں کے بہانہ سے ہر مسلمان کی دل آزاری کر رہے تھے۔ اور گویا یہ اعلان کر رہے تھے کہ قرآن مجید بھی معاذ اللہ تحریف شدہ ہے .... شیخ عبدالرحمان نائب امیر جماعت الدعوۃ نے میری ان سے آخری ملاقات میں بتا دیا تھا کہ کچھ غدار بھی ہیں جو کہ حکومت کو ختم کر رہے ہیں اور امیر مرحوم شہید نے کہا تھا کہ اب ہماری حکومت ہر طرف سے دھمکیوں کی زد میں ہے۔ اگر ہم اس کی حفاظت کر سکے تو انشاء اللہ کام جاری رہے گا ورنہ ہم نے خدائی فرمان **"الذین ان مکناھم"** کہ وہ لوگ جن کو اگر ہم زمین میں طاقت دیں تو نماز قائم کرتے ہیں۔ زکوۃ ادا کرتے ہیں ۔ نیکی کا حکم دیتے ہیں اور برائی سے روکتے ہیں" کو پورا کر دیا ہے۔

اب شیخ شہیدؒ نے جب منشیات کے سلسلہ میں سگریٹ اور نسوار پر پابندی لگائی تو بھولے بھالے سیدھے سادھے عوام کو باقاعدہ بھڑکایا گیا۔ اسی طرح زانی کو جب مقدمہ ثابت ہونے تک گرفتار کیا گیا تو بھگا دیا گیا اور جب ٹیکسوں سے آزادی دی گئی تو اس کے برخلاف اپنے ٹیکس قائم کیے گئے اور جب دوسری طرف سے بے دردی اور بہیمانہ طور پر معصوم اور مظلوم لوگوں کو قتل کیے جانے پر قصاص میں قاتلوں کا مطالبہ کیا گیا تو اس کا مذاق اڑایا گیا... ان دنوں شیخ جمیل الرحمان حج پر تھے اور ان کے نائب نے جو مناسب سمجھا کیا اور علماء کے ذریعے مذاکرات کے ذریعے مسئلہ حل کرنے کی بھی کوشش کی ------ لیکن انہوں نے ہر کوشش کو بہ نظر حقارت ٹھکرا دیا۔ ان ہی دنوں میں جب کہ علماء کی کونسل بلانے پر اتفاق ہو رہا تھا سکڈ میزائل پھینک کر دارالحکومت کو اپنے خلاف بھڑکانے کی سکیم شروع کی۔ تاکہ باقاعدہ جنگ اور محاذ آرائی کا بہانہ حاصل کیا جائے اور جب انہوں نے عملی طور پر اپنی چوکیاں خالی کروانے کا فیصلہ کر لیا تو اس وقت حکومت پاکستان کے ذریعے ہر وہ کھیل کھیلا گیا جس کی توقع وزیر اعظم اور صدر کو بھی نہیں تھی اپنے خاص بندوں کے ذریعے رستہ بند کیا گیا رسد بند کی اسلحہ بند کیا ڈاکوؤں کو اکسایا روپیہ پیسہ کا لالچ دکھایا یہ علیحدہ بات ہے کہ حملہ آور خود بھی ایک دوسرے کو لالچ میں آ کر قتل کرتے رہے۔ تاہم معزز اور بے گناہ معصوم عرب بھی ان کی نشانہ بازی سے نہ بچ سکے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون

اور ایک شخص کو ورغلا کر یا اس کی ہم خیال جماعت کی اجازت سے ایک عربی کے ذریعے ان کو شہید کیا گیا تاکہ یہ حکومت ختم ہو جائے۔

یہ درست ہے کہ کچھ عملی کوتاہیاں ہوں گی تاہم اگر فکر کتاب و سنت کی ترویج و اشاعت کا ہی ہے تو اس نظام کی حفاظت میں جو لوگ کام آئے وہ انشاء اللہ جہاد میں شریک اور شہید مجاہد تھے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں شہادت کے اعلیٰ مقام پر فائز کیا ہو گا .... اور جو لوگ اس نظام کی مخالفت میں کمر بستہ تھے اور انہوں نے اسلحہ چلانے سے دریغ نہیں کیا وہ لوگ

بقیہ صفحہ ۱۸۵ پر

امارت اسلامی صوبہ کنڑ (افغانستان) کا المیہ اور متحدہ جمعیت اہلحدیث کی مجلس مذاکرہ

۲۳۔اکتوبر۹۱ء (چہار شنبہ) لاہور کے ہوٹل آواری میں متحدہ جمعیت اہلحدیث پاکستان کی طرف سے ایک مجلس مذاکرہ منعقد کی گئی۔ جس کا مقصد صوبہ کنڑ (افغانستان) کے المیہ اور امارت اسلامی کنڑ کے امیر شیخ جمیل الرحمان رحمہ اللہ کی شہادت پر گفتگو کا اہتمام کیا گیا۔ بیشتر اہلحدیث دانشوروں نے اس سانحہ کے پس منظر اور پیش منظر پر روشنی ڈالی اور امارت اسلامی کے سقوط اور حملہ آور حزب اسلامی اور اس کے عاقبت نا اندیش رفقاء کی اس غیر شرعی، غیر اخلاقی اور مقاصد جہاد سے غداری کے نتائج و عواقب پر سیر حاصل گفتگو کی۔

اس مذاکرے کا مقصد یہ تھا کہ پاکستان میں بسنے والے توحید و سنت کے پیروکار (اہلحدیث) موجودہ حکومت کو یہ باور کرائیں کہ اسلامی جمہوری اتحاد کی موجودہ حکومت جو اپنی انتخابی مہم میں پاکستان میں نظام اسلام کے نفاذ کی دعویدار رہی ہے۔ اور افغانستان کے مجاہدین کی پشت پر اس لئے کھڑی ہے کہ وہاں بھی مجاہدین اسلام کو کامیابی سے ہمکنار ہونے میں مدد بہم پہنچائی جائے۔ مگر اس المناک سانحے کے سلسلے میں بعض گوشوں سے یہ بھی سننے میں آ رہا ہے جسے نظر انداز کرنا مشکل ہے کہ امارت اسلامی کو بزور بازو ختم کرنے کے لئے جو سازش تیار کی گئی اس کی زیر زمین منصوبہ بندی میں پاکستان میں حکمت یار کی حلیف جماعت بھی شریک رہی ہے اس جماعت کے حکومت پاکستان سے بھی گہرے روابط ہیں اس لئے شاید حکومت کی اشیر باد بھی ان کو حاصل رہی ہو۔ اس مفروضے یا حقیقت پر اگرچہ یقین کرنے کو جی نہیں چاہتا مگر حکومت اور اس جماعت کی طرف سے سقوط اسعد آباد پر ایک لفظ بھی سننے میں نہیں آیا۔ اس سانحے سے بہت پہلے جب حزب اسلامی اور افغانستان کی عبوری حکومت کی ایک تنظیم کے درمیان مناقشہ اور محاربہ رونما ہوا تھا تو چاروں طرف سے بیان بازی کے ڈھیر لگ گئے تھے کہ مجاہدین کو آپس میں لڑ کر مقاصد جہاد کو نقصان نہیں پہنچانا چاہئے اور ان میں صلح بھی کروا دی تھی۔ اب جب کہ اسی حزب اسلامی نے اسی عبوری حکومت کے بعض اجزا کو ساتھ ملا کر بیس پچیس ہزار کے لشکر کے ساتھ کنڑ پر یلغار کی اور کتاب و سنت کی حکومت کو ختم کر کے دم لیا تو پاکستان کے اندر اسلام کے نفاذ کا واویلا کرنے والوں کے کان پر جوں تک نہیں رینگی۔ اس رویے کا کیا نام رکھا جانا چاہئے۔؟

ہم ذیل میں ان اہم مطالبات کا اعادہ کرتے ہیں جو اس مذاکرے میں پیش کئے گئے اور جو پوری اہل حدیث جماعت اور امارت اسلامی کے ہمدرد اور خیر خواہ حضرات کا متفقہ موقف اور مطالبہ ہے۔

۱۔ امارت اسلامی کنڑ (افغانستان) کے دردناک سانحے اور اس خطے کے شرعی امیر شیخ جمیل الرحمان رحمہ اللہ تعالیٰ کے ظالمانہ قتل کا مسئلہ عین کتاب و سنت کے مطابق حل کیا جانا چاہئے۔

۲۔ ہم حکومت پاکستان اور تمام دینی جماعتوں سے اس شرعی تنازعے کے فیصلے میں تعاون کی درخواست کرتے ہیں۔ اس سلسلے میں امارت اسلامی صوبہ کنڑ کی حکمران جماعت، جماعت الدعوۃ الی القرآن و السنہ کے امیر شیخ سمیع اللہ حفظہ اللہ سے رابطہ کیا جانا چاہئے اور مسئلے کی صحیح صورت حال معلوم کر کے حق و انصاف سے فیصلہ کرنا چاہئے۔ حکومت کو چاہئے کہ علمائے امت کی ایک کمیٹی مقرر کرے جو اس سانحے کی رپورٹ مرتب کرے اور اس کے مطابق شیخ رحمہ اللہ کے قتل کی سازش اور اس کے محرکین کو بے نقاب کیا جائے، اور انہیں کیفر کردار تک پہنچا جائے۔

۳۔ حزب اسلامی اور اس کے معاونین اسعد آباد اور کنڑ کے جن علاقوں پر قبضہ کئے بیٹھے ہیں ان کو خالی کروا کے امارت اسلامی کے ہاتھ میں دیا جائے اور اس کی انتظامیہ کو حسب سابق قرآن و سنت کے مطابق حکومت کرنے کا موقع دیا جائے جو ان کا حق ہے۔

امارتِ اسلامی
— ذرائع ابلاغ کی نظر میں

ماہنامہ نداء الجہاد ستمبر' اکتوبر ۱۹۹۱ء

دعوت توحید و رسالت مٹانے کی ایک بھیانک سازش

حکمت کے نام پر حکمت و دانائی کا بد ترین مذاق

کنڑ میں بہنے والے خون کا ذمہ دار کون ؟

افغانستان میں روس کی دس سالہ جارحیت کے بعد صرف صوبہ کنڑ ہی ایک ایسا خطہ تھا جہاں آزادی کے بعد اسلامی حکومت کا قیام عمل میں آیا' جہاں صدائے توحید بلند ہوئی' جہاں ندائے "لاالہ الااللہ" گونجی ------ مگر اس دعوت توحید اور کلمہ اسلام کو مٹانے کے لئے حزب اسلامی (حکمت یار) اور اس کے ہمنوا کیل کانٹے سے لیس ہو کر امارت اسلامی کنڑ پر چڑھ دوڑے تاکہ اس پھیلتی ہوئی دعوت کا گلہ اسی جگہ دبا دیا جائے ------ یہ ایک ایسا قبیح جرم ہے جو اوراق تاریخ میں انمٹ نقوش کی طرح ثبت ہو چکا ہے ------ کیا وہ (حکمت یار اور ان کے ہمنوا) اس بات سے گھبرا اٹھے کہ افغانستان کی ایک آزاد ریاست میں حدود اللہ کا نفاذ ہو رہا ہے ------ کیا وہ اس چیز سے خائف ہو گئے کہ علاقے کے لوگوں نے طویل روسی جارحیت کے بعد اپنے گھروں میں امن کا سانس لیا ------ کیا وہ اس بات سے نالاں ہیں کہ "امارت اسلامی" نے کنڑ میں منشیات کی تمام انواع کے استعمال پر پابندی لگا دی اور پوست کے (۳۶) کھیت جلا دیئے ------

کیا وہ اس وجہ سے پریشان تھے کہ صوبہ کنڑ میں نفاذ حدود اللہ کی پے درپے خبریں ان کی سمع خراشی کر رہی تھیں ------ اور لوگوں کی جان و مال محفوظ تھے اور ہر شخص جان چکا تھا کہ یہاں ظالم اپنے انجام کو ضرور پہنچے گا ------ جب کہ اس سے قبل جنگل کے جانوروں کی طرح ہر شخص "ہم چو ما ڈنگرے نیست" کے پیش نظر جو چاہتا سو کر گزرتا ------ اور پھر کسی جماعت کے ہاں پناہ گزین ہو جاتا------

کیا یہ بہتر نہ تھا کہ حکمت یار "امارت اسلامی" کی بجائے کمیونسٹوں کی طرف اپنے ٹینکوں کا رخ کرتے تاکہ ان کا شیرازہ بکھر جاتا ------ لیکن وہ تو اس لئے پریشان تھے کہ افغانستان کے (بکریوں کے ریوڑ کی طرح) بکھرے ہوئے لوگ ایک آدمی (جو کہ "وہابی" ہے یا بالفاظ دیگر "بنیاد پرست" ہے) کی آواز پر متحد ہو رہے ہیں ------

حکمت یار ہی کے مطالبہ پر جماعت الدعوہ نے (نہ چاہتے ہوئے) انتخابات (کی بھدی سیاست) پر آمادگی کا اظہار کیا کہ لوگ ایک پلیٹ فارم پر جمع ہو جائیں گے مگر انتخابات کے رزلٹ کا انکاری کون ہوا ------ کیا دنیا میں وفا شعاروں کے یہی شایاں ہے

جو چاہے آپ کا حسن کرشمہ ساز کرے

آج کنڑ میں جو ظلم و ستم حکمت یار اور اس کے حواریوں نے کیا وہ تو روسی درندے بھی نہ کر سکے اور نہ ہی نجیب کے گماشتے کر سکے کہ ------ دنیا کے دور دراز علاقوں سے جہاد کے لئے اپنا سازوسامان لے کر آئے ہوئے مجاہدوں کے (زندہ حالت میں) ہاتھ' پاؤں' ناک اور کان کاٹ کر دریائے کنڑ میں پھینک دیا ------ اور بعض عربوں پر یہ دھوکا دے کر کہ قریب آجاؤ تمہیں کچھ نہیں کہا جائے گا گانوں کے منہ کھول دیئے گئے ------

آپ مسلمانوں کے اس بہیمانہ قتل کو کیا نام دیں گے ؟؟ ------ جہاد کہیں گے ؟؟------ مسلمانوں کے اور خصوصاً مجاہدین کے خون سے اپنے ہاتھ رنگنے والے " مجاہد " اللہ کے ہاں کیا منہ لے کے جائیں گے ؟ ------ کیا مجاہدوں کے ساتھ اس درندگی کا کوئی جواب ہے ؟------

آپ "امارت اسلامی کنڑ" کی تباہ کاریوں کو کس نام سے موسوم کریں گے ------ جبکہ یہ لوگ دشمن کی طرف (نعمان اور ننگر ہار میں) اپنی پشتیں کئے ہوئے اور مسلمانوں کی طرف اپنے ٹینکوں اور توپوں کا منہ کئے ہوئے بھاگے چلے آ رہے تھے اور پیچھے سے ان کے تعاقب میں دشمن نے ایک فائر بھی نہ کیا ------ دشمن سے کس قدر بے خوفی اور اپنوں سے کتنے خائف ہیں یہ " مجاہدین اسلام" ------ اگر انہیں "جاہ اقتدار کے دیوانے" کہہ دیا جائے تو کیسا رہے گا -----

جب حکمت یار(اور ان کے حواری) افغانستان میں عنان حکومت سنبھالنے سے پہلے ہی یہ مشق ستم جاری کئے ہوئے ہیں تو فائر سلطنت ہونے کے بعد ان سے کیا توقع کی جا سکتی ہے کیا "حکمت ....." کے نام پر حکمت و دانائی کا اس سے بد ترین اور مذاق ہو سکتا ہے ------ "امارت اسلامی" تہ و بالا ہو چکی' وہاں کا نظام معطل ہو چکا کاروبار زندگی ختم ہو چکا' ------ اور کیوں نہ ہو کہ ؎ زاغوں کے تصرف میں عقابوں کے نشیمن

ہفت روزہ "الاعتصام" ۱۳ ستمبر ۱۹۹۱ء

حافظ احمد شاکر

یہ میری وفا کا کمال ہے
کہ نباہ کر کے دکھا دیا

افغان جہاد ۱۲ سال سے جاری ہے۔ مختلف احزاب' جماعتیں' قبائل اور افراد اس میں مصروف اور برسرپیکار ہیں۔ کسی بڑے ملک کی چھوٹے ملک میں مداخلت بہ قوت ختم کرنے کو مغربی جمہوریت کی اصطلاح میں تو شاید جہاد کہا جاتا ہو اور اس تگ و دو میں کام آنے والے افراد کو "شہید" لیکن اسلام--- جس کے اپنے شعائر اور اصطلاحیں ہیں-- کے نزدیک جہاد وہی ہے جو صرف اعلاء کلمتہ اللہ کے لئے ہو اور شہید صرف وہی ہے جو اسلام یعنی قرآن و سنت کے نفاذ کے لئے اللہ کے راستہ میں جان قربان کر دے۔ فقط

افغانستان میں روسی مداخلت کے بعد جب تک مسلمان کمانڈرز اور قائدین نے اپنا ہدف (یعنی کہ وہ جنگ اور لڑائی کس لئے لڑ رہے ہیں) واضح نہیں کیا (اور وہ ہدف اعلاء کلمتہ اللہ تھا) تب تک علمائے امت نے اس لڑائی کو جہاد نہیں کہا۔ جب کہ اس سے پہلے کی شروع ہونے والی جنگ آزادی فلسطین کو جہاد اس لئے نہیں کہا گیا کہ اس کے قائدین کا نعرہ وطنی آزادی تھا' یہ ہدف واضح ہونے کے بعد اعلائے کلمتہ اللہ کے خواہش مند " ان الحکم الا للہ " کے آرزو مند اور اللہ کی زمین پر اللہ کی حکومت دیکھنے کی تڑپ رکھنے والے مسلمان دنیا بھر سے افغان جہاد کی طرف لپکے یہی وجہ ہے کہ آپ مجاہدین کی کسی جماعت میں جائیے' افغان سرحد کے کسی محاذ کا ملاحظہ کیجئے' مجاہدین کے کسی خیمہ میں داخل ہو جائیے وہاں آپ کو افغان بھی نظر آئیں گے اور سعودی بھی۔ وہاں سوڈانی بھی ہوں گے صومالی بھی' فلسطینی بھی ہوں گے اور مصری بھی۔ بلال حبشیؓ کے وطنی

کیسٹ ( )
امریت ( )
بیت (ورق تعلیم)
نسبہ ( )

نمبر ۱ دن

نمبر ۱ تاریخ ۳۰ جولائی

محل ( ) وقت

(۲)

۵۔ دشوار اقتدار باید بخوشی گذشت وی۔

۶۔ دتبلیغی اجتماعات کو نہیں بند داوی وچہ وقت نسبتاً کمی دوامی اسلامی حکومت لپاره دعوت دیگری اوکم چہ اسلامی حکومت وارتی دارمارت بہ دد تہ حکومت اطاعت کوی اوکم اسلامی حکومت ور نه غی نو حکم نہ دا امارت اسلامی حکومت وی او مونږ بہ دوی ته دفاع کوو۔

3 دری ورځی چہ ټول مادو متعلق دی تائید او افغانستان لپاره کوی

وارثنم علی ما نقول وکیل

با دوام

1۔ مولوی صاحب فقیر اللہ حزب اسلامی
2۔ حاجی صاحب کشمیر خان حزب اسلامی
3۔ انجینیر صاحب وحید اللہ حزب اسلامی
4۔ مولوی صاحب محمد هاشم حزب اسلامی
5۔ مولوی صاحب رحمت خان جماعت الدعوة
6۔ مولوی صاحب عبدالبصیر جماعت الدعوة
7۔ مولوی صاحب گلاجان جماعت الدعوة
8۔ مولوی صاحب حبیب الرحمن ناظر جماعت الدعوة

پلټنه: 1368ه.ش د میزان د میاشتی اول
1989ع کال د سپتمبر د میاشتی د ولیشتم.

بھی ہوں گے اور امریکہ کے رہنے والے بھی' پاکستان کے مسلمان خصوصاً نوجوانوں نے دل کھول کر جان کے نذرانے پیش کئے۔

یہ علامت ہے اس بات کی کہ ع

ذرا نم ہو تو یہ مٹی بہت زرخیز ہے ساقی

تقبل اللہ سعیھم و جعلہ مشکورا

اس اصول کے تحت اور اس تناظر میں امارت اسلامی اور ان کی حریف جماعتوں کی کشمکش کا جائزہ لیا جائے تو بہت سے اشکالات یا سوالات بھی پیدا ہوتے ہیں اور "حسن ظن" کا وہ آبگینہ جسے اعلاء کلمۃ اللہ کا نام دیا گیا ہے ٹوٹتا نظر آتا ہے۔ مثلاً

○ کیا امارت اسلامی کے قیام کے وقت متحارب جماعت (حزب اسلامی حکمت یار گروپ) کو امارت میں شرکت کی دعوت نہیں دی گئی؟

○ کیا اس جماعت کے تقاضے پر انتخابات نہیں کرائے گئے؟

○ کیا امارت اسلامی نے اس جماعت کی طرف--- بلکہ شاید دیگر جماعتوں کی طرف--- صلح کے جرگے نہیں بھیجے؟

اور ہر جگہ کو امیر امارت اسلامی نے قرآن و سنت کی روشنی میں ہر فیصلہ قبول کرنے کی غیر مشروط پیش کش نہیں کی؟

○ پھر کیا امارت نے اپنے ۳ چوکیداروں کے قتل پر صبر نہیں کیا اور حزب اسلامی سے صرف قاتلین--- یا مجرمین--- پیش کر دینے کا مطالبہ نہیں کیا؟

○ کیا لغمان میں امیر امارت اسلامی کی بیعت کرنے والے افراد پر حملہ (جس سے ایک شہید اور سات زخمی ہو گئے تھے) کو برداشت نہیں کیا؟

○ کیا اسد آباد--- دارالخلافہ امارت اسلامی کنڑ--- میں امیر محترم کی رہائش گاہ--- تو پچی میں--- حملہ کرنے والوں سے یہ جماعت بے خبر ہے؟

اور حد یہ ہے کہ حزب اسلامی یہ "صبر" بھی برداشت نہیں کر سکی اور حکمت عملی یوں تبدیل کر لی کہ عبوری حکومت کے دس ہزار مشترکہ افغان مجاہدین (کو یہ تبلیغ کی گئی کہ امارت اسلامی صوبہ کنڑ والے وہابی ہیں اور کیمونسٹوں سے بھی بدتر ہیں ان کا سب کچھ حلال ہے) کا لشکر لے کر اسلحہ کی (اس) بھاری کھیپ کے ساتھ حملہ کیا (جسے امارت اسلامی ہی سے جہاد کے نام پر تحفظ طلب کر کے اس کے مجاہدین ہی کی زیر نگرانی لغمان پہنچایا گیا تھا) بلکہ شب خون مارا' اس حملہ کی ناکامی بلکہ اس حملہ میں منہ کی کھانے کے بعد قائدین حزب اسلامی نے علاقہ کے جرائم پیشہ افراد کو یومیہ اجرت پر اور آس پاس کے قبائل کو مال غنیمت کا لالچ دے کر آمادہ "جہاد" بلکہ شریک "جہاد" کر کے مٹھی بھر اہل ایمان پر ۲۲۰۰۰ افراد کے ساتھ اس قدر شدید حملہ کر کے امارت اسلامی کے دارالخلافہ--- اسد آباد پر قبضہ کر لیا کہ یہ حملہ اگر کابل یا جلال آباد پر ہوتا تو وہ فتح ہو جاتا۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔

اب آپ یہ وضاحت فرمائیں کہ :-

۱- امارت اسلامی کا قیام اعلائے کلمۃ اللہ کا مظہر نہیں تھا؟

۲- کیا اس امارت کے قوانین قرآن و سنت کے مطابق نہیں تھے؟

اگر قرآن و سنت کے مطابق نہیں تھے تو پھر آپ کا یہ "جہاد" صحیح بلکہ اصح---! اور اگر تھے پھر اس "جہاد" کو کیا کہا جائے؟

کیا خیال ہے اس کو ہوس اقتدار کہنا کیسا رہے گا؟

○ کنڑ میں حزب اسلامی کے امیر مولوی فقیر اللہ نے رات ۱۱ بجے بیعت کر کے صبح ۹ بجے آنے کا وعدہ کس لئے کیا تھا؟

○ کیا حزب اسلامی صوبہ کنڑ کا امن و امان برداشت نہیں کر سکی؟

○ صوبہ کنڑ کی رفاہی ترقی سے اس کو اپنی "ترقی" معکوس ہوتی دکھائی تو نہیں دے رہی تھی۔

○ صوبہ کنڑ کے عوام کی خوشحالی سے قائدین حزب اسلامی کی خوشحالی تو متاثر نہیں ہو رہی تھی؟

یا صوبہ لغمان کی آبادی کا امارت اسلامی کی طرف بیعت کے میلان نے آپ کو مستقبل کے اندیشوں میں مبتلا کر دیا تھا؟

خدارا دشمن کو پہچانئے--- دشمن آپ کی کمزور رگ تک پہنچ گیا ہے اس نے آپ کو استعمال بھی کر لیا اور آپ کو چیلنج بھی دے دیا ہے تاکہ سہ فریقی مذاکرات میں وہ اپنے مقاصد حاصل کر سکے۔

ماہنامہ "الدعوۃ" لاہور، ستمبر، اکتوبر ۹۱ء

شیخ جمیل الرحمٰن کا قتل اور امارت اسلامی کنڑ پر مسلح یلغار--- پندرھویں صدی کا عظیم سانحہ

افغان جہاد کے عظیم سلفی قائد شیخ جمیل الرحمٰن کو پاکستانی علاقے باجوڑ ایجنسی میں ۳۰ اگست بروز جمعۃ المبارک قتل کر دیا گیا۔ باجوڑ میں شیخ صاحب نے اپنے دفاتر قائم کئے ہوئے تھے اور عارضی رہائش بھی اسی جگہ پر تھی۔ انہیں عبداللہ رومی ایک مصری باشندے نے پسٹل کے تین فائر کر کے اس وقت قتل کیا جب وہ نماز جمعہ کے لئے تیاری کر رہے تھے۔ بیان کردہ واقعات کے مطابق عبداللہ نامی شخص مصالحتی جرگہ کی آڑ لیکر شیخ صاحب تک پہنچا۔ کافی دیر تک ان کے پاس بیٹھا رہا۔ مصالحت کے لئے آنے والے جب واپس گئے تو یہ قرآن کی تلاوت میں مشغول رہا۔ شیخ صاحب عرب نوجوانوں سے بہت محبت کرتے تھے اور انہیں سوال و جواب کا کھلا موقع دیتے تھے۔ شیخ صاحب کے حارس (باڈی گارڈ) نے اس شخص کو بھی اس لئے چیک نہیں کیا۔ اس نے موقع پا کر شیخ صاحب کو شہید کر دیا--- یہ بات قطعی طور پر غلط ہے کہ قاتل شیخ صاحب کا قریبی دوست تھا اور ان کے عربی گروپ کا مجاہد تھا۔ یہ زہریلا پراپیگنڈہ پاکستانی اخبارات سے کیا گیا ہے۔ قاتل کبھی بھی شیخ صاحب کے گروپ میں شامل نہیں رہا بلکہ جیسا کہ بتایا گیا ہے کہ وہ مصر کی نیم دینی سیاسی جماعت اخوان المسلمون کا فرد تھا جسے جوابی فائرنگ کر کے شیخ صاحب کے حارس نے قتل کر دیا۔

اس بہیمانہ قتل کے مضمرات کیا ہیں ہم اس میں کوئی قیاس آرائی نہیں کرنا چاہتے البتہ یہ بات واضح ہے کہ یہ قتل عین ان دنوں میں ہوا ہے جب کہ شیخ جمیل الرحمٰن کی جماعت کو حکمت یار کی حزب اسلامی کی جانب سے زبردست لشکر کشی کا سامنا تھا۔

شیخ جمیل الرحمٰن نے صدر داؤد کے زمانے سے جہاد شروع کیا تھا اور انہیں افغان جہاد میں ایک منفرد مقام حاصل تھا۔ شیخ نے جہاد میں عقیدے کا رنگ نمایاں کیا۔ وہ صاف کہتے تھے کہ ہمارا جہاد خطہ زمین کے لئے نہیں ہے بلکہ اعلائے کلمتہ اللہ کے لئے ہے۔ انہوں نے اس مسئلہ پر افغان قائدین سے اختلاف کیا تھا۔ وہ کہتے تھے کہ اگر ہم افغانستان کے لئے لڑیں گے تو ہمارا جہاد مقبول نہ ہو گا اور نہ ہی ہمیں ملکی حد بندیاں قائم کر کے اپنے جہاد کو محدود کرنا چاہئے بلکہ ساری زمین پر کفر کی حکمرانی ختم کرنا اور طاغوتی کلمے کو سرنگوں کرنا ہمارا فرض ہے۔ وہ کہا کرتے تھے کہ یہ عظیم کام دعوت توحید کی بنیاد پر ہی ہو سکتا ہے۔ ہمیں توحید کو خالص کرنا چاہئے اور سنت کی کامل اتباع کر کے اپنے جہاد کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقے پر استوار کرنا چاہئے۔

شیخ صاحب کے اس نقطہ نظر کو وہابیت کا نام دیا گیا۔ اور پراپیگنڈہ کیا گیا کہ وہابیت ایک فتنہ ہے۔ سادہ لوح افغان مجاہدین کو شیخ صاحب اور ان کی جماعت کے خلاف اکسایا گیا۔ جو بعض افغان لیڈر شیخ جمیل الرحمٰن سے مخالفت کا رویہ اختیار کرتے تھے۔ اس کی وجہ صرف عقیدے کا مسئلہ تھا۔

شیخ صاحب نے اپنے پختہ عقیدہ کو پھیلانے کے لئے بھرپور کوشش کی مجاہدین کا ایک بڑا گروپ تیار کیا جو افغانستان میں سلفی کے نام سے معروف ہے۔ شیخ صاحب صوبہ کنڑ میں درہ پیچ کے علاقے میں رہنے والے تھے۔ ان کی دعوت کا حلقہ بھی اسی صوبے میں زیادہ پھیلا ہوا تھا اگرچہ بدخشاں قندھار ننگرہار اور دوسرے صوبوں میں بھی شیخ نے کام پھیلایا لیکن ان کا مرکز صوبہ کنڑ ہی تھا۔ شیخ نے بڑے بڑے دینی مدرسے بھی قائم کئے جہاں سے کتاب و سنت کے حاملین تیار کئے۔ افغانستان کی سخت زمین میں اللہ نے ان کے کام میں بڑی برکت دی۔ بہت جلد ان کا کام پھیلا۔ اگرچہ جہاد میں مصروفیت کی وجہ سے ہنگامی حالت کی بنا پر افراد کی تیاری میں مطلوبہ پختگی پیدا نہ ہو سکی پھر بھی عقیدہ

توحید و سنت پر جان نچھاور کرنے والے ہزاروں فدائین تیار ہوئے۔ اللہ نے ہمیں بھی ان کے درمیان کام کرنے کا موقع دیا۔ ہم نے ہمیشہ ہی شیخ صاحب کی جماعت کے افراد کو عقیدہ کی بات کرتے ہوئے اور ایثار و قربانی کا بہترین نمونہ پیش کرتے ہوئے دیکھا۔

عقیدہ کا یہی واضح فرق تھا کہ جب اللہ نے شیخ کی جماعت کو صوبہ کنڑ میں فتح عطا کی اور جگہ دی تو انہوں نے وہاں اللہ کے حکم کو نافذ کرنے کی کوشش کی۔ اسلامی امارت کو قائم کر کے دینی اصلاحات جاری کیں۔ حدود اللہ کو قائم کرنے کا اعلان کیا اور نشہ آور چیزوں پر پابندی لگائی۔

یہ بات بلاخوف تردید کہی جا سکتی ہے کہ صوبہ کنڑ وہ واحد علاقہ ہے جہاں پر اسلامی حکومت کو قائم کر دیا گیا۔ ایک شرعی حکومت کے تقاضوں کو پورا کرنے کی بھرپور کوششیں ہوئیں۔ یہ کام اللہ نے شیخ جمیل الرحمٰن صاحب سے ہی لیا ہے یا پھر مولانا فضل صاحب نے نورستان میں شرعی نظام قائم کیا ہے ورنہ افغانستان کے بیشتر علاقے دوسری جماعتوں کے مجاہدین نے فتح کئے لیکن کسی جگہ پر بھی اسلامی حکومت کو قائم نہیں کیا گیا ان مفتوحہ علاقوں میں قبائلی قانون و طریقے ہی رائج ہیں نفاذ شریعت اعزاز کل بھی اہل حدیث ہی کو حاصل تھا اور آج بھی اہل حدیث کو حاصل ہے۔

افسوسناک بات یہ ہے کہ کنڑ میں قائم اسلامی حکومت کو ختم کر دیا گیا۔ اس پر سب سے بڑا الزام یہ تھا کہ یہ وہابیوں کی حکومت ہے۔ اور کہا گیا کہ وہابی کمیونسٹوں سے بھی برے ہیں کیونکہ قبروں سے جھنڈے اتارتے ہیں۔ توحید کو ہی اصل دین کہتے ہیں۔

اس تباہ کن پراپیگنڈے کے ذریعے حزب اسلامی نے دیگر افغان تنظیموں اور پاکستانی گروپوں کو اپنے ساتھ ملایا اور درست لشکر کشی کر کے اسلامی حکومت کا خاتمہ کیا۔۔۔ اس سلسلے پر غور طلب بات یہ ہے کہ ایسا کیونکر ہوا اور کس کے کہنے پر ہوا۔ ہم بجا طور پر یہ سمجھتے ہیں کہ یہ افغان جہاد کو ختم کرنے کی سازش ہے۔ جہاد میں سب سے اہم ستون شیخ جمیل الرحمٰن اور ان کی جماعت کو سمجھا گیا۔ اس لئے اسے سب سے پہلے گرانے کی کوشش کی گئی۔

ہم نے شیخ جمیل الرحمٰن اور ان کی قائم کردہ اسلامی حکومت کو افغان جہاد کا سب سے اہم ستون دو بنیادوں پر قرار دیا ہے۔ پہلی بات یہ ہے کہ شیخ نے جہاد میں عقیدے کو بنیاد بنایا ہے اور دوسرے اس لئے کہ پورے افغانستان میں صوبہ کنڑ میں ہی شرعی حکومت کو قائم کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

مذکورہ دونوں باتیں جہاد کے سب سے بڑے دشمن امریکہ کے لئے ناگوار تھیں۔ امریکہ نے اپنی افغان پالیسی واضح کرتے ہوئے کہہ دیا تھا کہ ہم افغان جہاد کو ختم کر رہے ہیں اور افغانستان میں جمہوری حکومت کو قائم کرنے کی راہیں ہموار کر رہے ہیں۔ اس پس منظر میں سانحہ کنڑ کو سمجھنے میں کوئی دقت نہیں رہتی کہ یہ سارا کیا دھرا امریکہ کا ہے۔ امریکہ نے بغور دیکھا کہ اس کے منصوبے میں رکاوٹ شیخ جمیل الرحمٰن اور ان کی حکومت ہے انہیں فوراً صاف کروا دیا۔

افسوس تو اقامت دین کے بہی خواہوں پر ہے جو ایک طرف نفاذ شریعت کے نعرے لگاتے تھے اور دوسری طرف امریکہ دشمنی کا اظہار کرتے تھے لیکن عملاً وہ امریکی منصوبے پر عمل درآمد کے لئے افغان اہلحدیثوں کے خلاف قتال کر رہے تھے سوال یہ ہے کہ اگر اہل حدیث شریعت کو قائم کر دیں اور حدود اللہ کو جاری کر دیں تو کیا ان کو حق نہیں ہے۔ انہیں آخر کس جرم میں قتل کیا گیا اور ان کی حکومت پر لشکر کشی کی گئی۔

دنیا بھر کے اہل حدیث اس وقت سخت کرب و الم کی کیفیت میں مبتلا ہیں۔ ان کی تسلی و تشفی کی کوئی صورت اگر ہو سکتی ہے تو یہی کہ افغان تنظیمیں اپنا رویہ بدلیں اور اہل حدیث کے خلاف کاروائیاں بند کریں۔ اسی طرح پاکستان کی حکومت اور اس کی حلیف جماعت اسلامی حملہ آوروں کا ساتھ دینے کی بجائے انہیں جارحیت سے روکے۔ اس وقت اگرچہ فائربندی ہے لیکن حالات نہایت حد تک سنگین ہیں۔ اہل حدیثوں کے گھر

لوٹ لئے گئے ہیں آبادیاں ویران کر دی گئی ہیں اور کروڑوں کا سامان اٹھا لیا گیا ہے۔ اس سنگینی کے فوری خاتمے کے لئے سعودی حکومت نے ایک اعلیٰ اختیاراتی وفد جس میں امام کعبہ شیخ صالح اور شیخ عبداللہ ترکی بھی ہیں کو بھیجا ہے اور انہوں نے طرفین سے رابطہ کر کے حالات کو کنٹرول کرنے کی کوشش کی ہے۔ ایک دستاویز پر جماعۃ الدعوۃ کے امیر مولانا سمیع اللہ اور حزب اسلامی کے امیر گلبدین حکمت یار کے دستخط کروائے گئے ہیں جس میں کہا گیا ہے کہ صوبہ کنڑ میں خون ریزی کو فوری طور پر روکتے ہوئے محاصرے ختم کئے جائیں۔ خوراک اور دوسری اشیاء پہنچنے دی جائیں اور باہمی اختلافات شروع ہونے سے پہلے جو حقوق جس جماعت کو بھی حاصل تھے کو بحال کیا جائے۔ اس طرح اس وفد کی کوششوں سے ایک فیصلہ کرنے والی عدالت قائم کرنے پر بھی اتفاق ہوا ہے جس کے بہتر نتائج کی توقع کی جا سکتی ہے۔۔۔۔ مصالحت اور حالات پر کنٹرول کرنے کی کوششیں تب ہی کامیاب ہو سکتی ہیں اگر سب ان میں تعاون کریں۔ امریکہ اور اس کے اتحادیوں کی ریشہ دوانیوں سے بچیں۔ افغان جہاد کے نتائج کو ضائع ہونے سے بچانے پر متفق ہو جائیں۔ اس نازک مرحلے پر اگر اہل حدیث دشمنی کا رویہ برقرار رکھا گیا تو اس سے امریکی منصوبوں کی ہی کامیابی ہو گی۔

آزمائش کی اس گھڑی میں اہل حدیث حضرات سے بھی گذارش ہے کہ وہ اپنے اللہ کی طرف پوری طرح رجوع کریں۔ استقامت کی دعائیں کریں۔ اپنی کوتاہیوں پر نظر کرتے ہوئے ان کی اصلاح کریں۔ اللہ کی مدد قریب ہے مایوسی اور پریشانی کی ضرورت نہیں ہے۔ اللہ اپنے مخلص بندوں کی قربانیاں کبھی ضائع نہیں کرتا اور نہ ہی وہ انہیں اکیلا چھوڑتا ہے بلکہ اپنے بندوں کو آزماتا ہے اور کبھی شدید طور پر جھنجھوڑتا ہے۔ اس سے مقصد ایمان والوں کو اور پختہ کرنا اور انہیں آگے بڑھنے کے لئے تیار کرنا ہوتا ہے۔ اللہ ہمیں اپنی پناہ میں رکھے اور اپنی رضا کے لئے قبول کر لے۔ آمین یا رب العالمین۔

صوبہ کنڑ میں حزب اسلامی اور امارت اسلامی کے درمیان مسلح تصادم۔

چشم دید روداد پروفیسر ظفر اقبال

میں نے ارض جہاد افغانستان جانے کا پروگرام بنایا چنانچہ پہلے میں کشمیر گیا' مظفر آباد اور پھر آگے وادی نیلم کو نکل گیا وہاں ہندو کی بمباری اور اس کی بربریت کے مشاہدے کئے کشمیری نوجوانوں کے دلدوز حالات سنے بہرحال چند یوم یہاں گزار کر واپس گھر آیا تو دو دن بعد ہی یوم پاکستان کے دوسرے دن میں افغانستان کے آزاد صوبے کنڑ میں جہاں شیخ جمیل الرحمان نے امارت اسلامی قائم کر رکھی ہے پہنچا میرا چھوٹا آٹھ سالہ بیٹا عمر میرا سفر تھا دو دن معسکر طیبہ میں گزارے پھر ہم نے جلال آباد کے محاذ پر جانے کا پروگرام بنایا محاذ پر جانے کے لئے دریا کے مشرقی جانب والے راستے کو اختیار کیا جاتا ہے مگر اس راستے پر چند دن پہلے بارودی سرنگوں کے پھٹنے سے عرب مجاہدین کی ایک گاڑی تباہ ہو گئی دو مجاہد شہید ہو گئے اور باقی زخمی ہو گئے چنانچہ اس راستے کی بجائے ہم نے دریا کے غربی جانب والا راستہ اختیار کیا۔ ہم کل پانچ آدمی تھے مجاہدین کی خوراک وغیرہ لے کر روانہ ہوئے شام کے قریب ہم خیوہ میں پہنچے جہاں سے کشتیوں پر سامان لاد کر ہمیں دریا عبور کرنا تھا مگر کشتیوں کے دستیاب نہ ہونے کی وجہ سے ہمیں رات خیوہ میں گزارنا پڑی۔

صبح جب ہم نے یہاں سے دریا عبور کر کے آگے جانے کا پروگرام بنایا تو ہمیں کچھ غمناک خبروں کا سامنا کرنا پڑا۔ قرارگاہ سے ہمیں وائرلیس کے ذریعہ آگاہ کیا گیا کہ ہمارا ایک مجاہد ساتھی عطاء اللہ دریائے کنڑ میں اس وقت کودا جب اس کے تین ساتھی نہاتے ہوئے ڈوبنے لگے وہ چونکہ ان کا امیر تھا چنانچہ وہ اپنی ذمہ داری اور ساتھیوں کی محبت کو دل میں سمائے ہوئے تیز لہروں میں کودا مگر اللہ کی مشیت کہ وہ جنہیں بچانے کے لئے کودا

وہ تو سلامت باہر نکل آئے مگر عطاء اللہ دریا کی تیز لہروں کے ساتھ بہتا چلا گیا اللہ تعالیٰ ارض جہاد میں اس کی اس شہادت کو قبول فرمائے (آمین)

ابو محمد کو رفع الیدین کرنے پر شہید کر دیا گیا

صبح کے وقت ہم درۂ نور گئے یہ درہ ایک انتہائی خوبصورت سرسبزو شاداب اور قابل رشک وادی میں واقع ہے یہاں آبادی بھی کافی ہے یہاں پر موجود اس درے اور وادی کے والی جناب عبدالطاہر سے ملاقات ہوئی جس نے اپنی افغانی اور اسلامی روایات کے مطابق ہمارا بھرپور خیر مقدم کیا اور دعوت کا اہتمام کیا۔ عبدالطاہر صاحب سے جہاد کے بارے باتیں ہونے لگیں وہ دس سالہ جہاد کے چیدہ چیدہ واقعات سنانے لگے ایک واقعہ جو انہوں نے بتلایا اور اپنی نوعیت کا منفرد واقعہ ہے کچھ اس طرح ہے کہ آج سے پانچ سال قبل جب کہ عرب مجاہدین کثیر تعداد میں افغان جہاد میں برسرپیکار تھے ایک عرب مجاہد ابو محمد دمامی حزب اسلامی کے ایک دستے میں ظہر کی نماز کے دوران رفع الیدین سے نماز پڑھنے لگا اس دوران ایک شخص سخان یار جو کہ حزب اسلامی کا سپاہی تھا اس نے ابو محمد کو کلاشنکوف کی تین گولیوں سے شہید کر دیا اور خود بھاگ گیا یہ واقعہ کابل کے مضافات کا رزمیر کا ہے میں نے جب یہ دیکھا تو اس واقعہ کی خبر عبدالرؤف جو ہمارا کمانڈر تھا اس کو دی۔ اس نے کہاں کہ یہ جاہلوں کا عمل ہے جس کی وجہ سے اس کی موت واقع ہوئی ہے چنانچہ قاتل کو کوئی سزا نہ دی گئی میں اس طرز عمل پر بڑا رنجیدہ ہوا اور اپنے پندرہ ساتھیوں سمیت ان سے الگ ہو گیا اس کے بعد میں نے اس واقعہ کی خبر حزب اسلامی کے سربراہ انجینئر گلبدین حکمت یار کو دی میں ان کے پاس پہنچا اور تفصیل سے دوبارہ اس واقعہ کے بارے آگاہ کیا تو وہ کہنے لگے کہ رفع الیدین کا یہ عمل تو ٹھیک ہے مگر یہ مکان کے اندر کرنا چاہئے باہر نہیں۔ اس گفتگو کے بعد ہم نے جناب عبدالطاہر صاحب سے اجازت لی اور واپس قرارگاہ پہنچے اس کے بعد ہم نے سامان اٹھایا اور یہاں سے تقریباً تین کلومیٹر کے فاصلے پر اسلام پورہ کی پوسٹ پر پہنچے اب ہم نے یہاں سے دریا عبور کرنا تھا چنانچہ ہم نے کشتیوں کے حصول کے لئے اپنے ساتھیوں سے رابطہ کیا مگر اس روز کی بجائے دوسرے روز ہمیں کشتیاں مل سکیں چنانچہ میرے ساتھیوں نے دریا عبور کیا جبکہ میں لقمان اور بھائی منیر نے واپس معسکر طیبہ کے لئے سفر شروع کیا قصبہ نور گل اور پل سرگانہ کے قریب جب ہم پہنچے تو ہماری گاڑی پر راکٹوں سے دو بار حملہ ہوا اللہ نے ہمیں محفوظ رکھا مگر ان شدید حملوں کی وجہ سے جو کہ اس علاقے میں ہو رہے تھے ہم معسکر طیبہ نہ جا سکے اور سیدھے کنڑ صوبہ کے دارالحکومت اسد آباد کو روانہ ہوئے۔ اسد آباد سے تین کلومیٹر پہلے توپچی ایک مقام ہے یہاں عرب بھائیوں کا معسکر ہے معسکر خالد سیف شہید بھی یہیں ہے یہاں پاکستانی بھائیوں سے ملاقات ہوئی ہر ایک اس ناخوشگوار واقعہ پر پریشان اور غمگین دکھائی دے رہا تھا یہاں پر راکٹوں سے حملے جاری رہے ان حملوں کی وجہ سے توپچی کے ساتھ ہی واقع سالار باغ میں ایک شخص شہید اور تین زخمی ہوئے شام سے ذرا پہلے ہم یہاں سے اسد آباد شہر میں پہنچ گئے باقی عرب ساتھی بھی اپنے ٹرکوں اور جیپوں پر اسد آباد پہنچ گئے۔ یہاں پر ہم مرکز الدعوۃ کی عمارت میں ٹھہرے رات بھر اسلحہ بارود چلتا رہا صبح خبر ملی کہ ایک بوڑھی عورت اور اس کی حاملہ بیٹی دونوں شہید ہو گئی ہیں صبح جب میں شہر میں نکلا تو اکا دکا دوکانیں کھلی تھیں جب کہ اکثر لوگ پناہ حاصل کرنے کے لئے دیہات میں جا چکے تھے۔ سلفی مجاہدین کے دستوں کو شہر میں گشت کرتے میں نے دیکھا۔ گورنر صاحب اور جناب کمانڈر کو بھی میں نے ان دستوں کے ہمراہ دیکھا۔ عرب اور افغان سب ہی مجاہد احباب اس واقعہ پر خون کے آنسو بہا رہے تھے اور میں جس سے بھی ملا وہ یہی کہہ رہا تھا کہ مسلمان یہاں مسلمان کا خون بہا رہا ہے اور اسلام کے دشمن اور ہم سب کے مشترکہ دشمن قریب ہی ہماری گھات میں بیٹھے ہیں۔ شہر میں کچھ عرصہ گزارنے کے بعد میں اور منیر معسکر طیبہ جانے کی کوشش میں شہر سے نکلے مگر جب ہم سرگانہ پل پر پہنچے تو

وہاں سب دوکانیں بند تھیں تین تباہ ہو چکی تھیں اور وہاں پر موجود ایک شخص نے بتایا کہ پل سے اس طرف دو آدمیوں کی لاشیں پڑی ہیں۔ راستہ خطرناک ہے لہٰذا آپ واپس ہی چلے جائیں چنانچہ ہم واپس اسد آباد آ گئے۔ سارا دن وقفے وقفے سے گولہ باری ہوتی رہی رات بھی یہیں گزری صبح ہوئی تو منیر چند عرب ساتھیوں کے ہمراہ توپچی روانہ ہو گیا واپس آ کر اس نے مجھے بتلایا کہ وہاں تین راکٹ برسائے گئے ایک باورچی خانے پر گرا جس کی وجہ سے ابو عمار سوڈانی جو کہ باورچی خانے میں مجاہدین کے لئے کھانا تیار کر رہا تھا شہید ہو گیا جب کہ پانچ زخمی ہو گئے چنانچہ زخمیوں کو فوراً اسد آباد ہسپتال میں پہنچا دیا گیا اور اس کے بعد عرب بھائیوں کے امیر نے تمام عرب ساتھیوں کو اکٹھا کیا اور پاکستان جانے کا فیصلہ کیا میں بھی ان کے ہمراہ ہو لیا۔ چنانچہ دو شدید زخمیوں کو لے کر یہاں سے روانہ ہوئے پل اور راستے چونکہ بند تھے اس لئے ہم نے ٹیوبوں کے ذریعہ تیر کر دریائے کنڑ کو عبور کیا چند ٹیوبوں کو اکٹھا باندھ کر اس کے اوپر لکڑیوں کے تختے رکھ کر انہیں رسیوں کے ساتھ باندھا گیا تھا جس کی وجہ سے وہ ٹیوبیں کشتی نما بن گئی تھیں دریائے کنڑ کی تیز لہریں اور پھر ان کا چٹانوں اور پتھروں سے ٹکرا کر بہنا اپنی جگہ ایک انتہائی مشکل بلکہ موت کی طرف لے کر جانے والا عمل تھا مگر یہ اللہ کا خاص احسان تھا کہ اس نے ہماری اس ڈگمگاتی کشتی کو پار لگا دیا۔

بقیہ

امارتِ اسلامی کا قیام و انہدام

تیسرے پارے کی پہلی آیت کی زد سے نہیں بچ سکتے **و منهم من كفر** کہ کچھ لوگ کافر ہو گئے۔

اگر وہ لوگ زندہ ہیں جو ان داعیان کتاب و سنت پر گولیاں برسا رہے تھے یا ان کی مدد کر سکتے تھے لیکن اپنے مفاد کی خاطر مدد کرنے کی بجائے دوسروں لوگوں کو اپنی ہمدردیاں جتاتے رہے۔ وہ لوگ ان لوگوں سے بھی گئے گزرے ہوں گے جن کے حالات ساز گار نہ تھے کہ وہ غیروں کے ساتھ لڑیں یا مسلمانوں سے اور جن کا قرآن مجید میں ان لفظوں میں نقشہ کھینچا گیا ہے۔ **حصرت صدورهم ان يقاتلوكم او يقاتلوا قومهم**(۴/۹۰) ان کے سینے تمہارے ساتھ جنگ میں بھی تنگ اور اپنی قوم کے ساتھ جنگ کرنے سے بھی تنگ ہیں۔

کیونکہ ان کا رابطہ ایک گروہ کے ساتھ ابتدائے ایام سے مسلسل قائم تھا جب کہ شیخ جمیل الرحمان کے ساتھ ان کا معذرتانہ رویہ بھی نہیں تھا یعنی کوئی رابطہ بھی نہیں کیا گیا .... اگر وہ جنگ فتنہ تھی تو فتنہ گزر جانے کے بعد تو انہیں چاہئے کہ اپنے کئے کی معافی مانگتے اور اللہ تعالیٰ کے ہاں توبہ کرتے اور کتاب و سنت کے معاونین کے ساتھ مل جاتے تاکہ روز قیامت ان کی ہمدردیاں دوسری قوم کے ساتھ شمار نہ ہوں جنہوں نے کتاب وسنت کی بے حرمتی بھی کی اور گولیاں بھی برسائیں اور جن مظلوموں کی صف میں سب سے امتیازی مقام کتاب و سنت کو حاصل ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ ایک نہ ایک دن پہلے سے بھی زیادہ طاقت سے ابھریں گے۔ **و ما ذالک علی اللہ بعزیز**

افغان اسلامک نیوز ایجنسی کی

پریس ریلیز

پشاور ۱۹ اکتوبر (افغان اسلامک نیوز ایجنسی) امارت اسلامی صوبہ کنڑ کے محکمہ دفاع کی طرف سے جاری کردہ پریس ریلیز میں اس امر کا سخت نوٹس لیا گیا ہے۔ کہ حزب اسلامی سعودی عرب اور حکومت پاکستان کی طرف سے تشکیل کردہ کمیشن کو "بائی پاس" کر کے یکطرفہ طور پر کمیشن بنا کر کنڑ کے دورے کر رہی ہے۔ امارت اسلامی نے اس کمیشن کو مسترد کرتے ہوئے حزب اسلامی کے اس اقدام کی بھی مذمت کی ہے۔ کہ دو بار اس نے متحدہ طور پر تسلیم کردہ غیر جانبدار مصالحتی کمیشن کو کنڑ جانے نہیں دیا۔ محکمہ دفاع کے پریس ریلیز میں حکومت پاکستان اور حکومت سعودی عرب پر زور دیا ہے کہ وہ مصالحتی کمیشن کی راہ میں روڑے اٹکانے اور اس کی جگہ ذاتی کمیشن بنا کر اسے کنڑ کے دورے کرانے کے اقدام پر حزب اسلامی (حکمتیار) سے استفسار کرے اور جواب طلب کرے۔ اور اسے ایسے حالات پیدا کرنے پر مجبور کرے کہ مصالحتی کمیشن کنڑ کا دورہ کر سکے اور وہ جلد از جلد کنڑ کے حالات اور واقعات کے متعلق کوئی فیصلہ کر سکے۔

پشاور ۲۰ اکتوبر (افغان اسلامک نیوز ایجنسی) آزاد افغان صوبہ کنڑ سے ایجنسی کے نمائندے کی ارسال کردہ رپورٹ کے مطابق کنڑ کے دارالحکومت اور بعض علاقوں پر حزب اسلامی کے مجاہدین کے قبضے کے بعد سے علاقے میں لوٹ مار اور بدامنی کا بازار گرم ہے۔ دوسرے صوبوں سے لائے گئے افراد کے ہاتھوں کسی کی جان و مال محفوظ نہیں جس کی وجہ سے نہ صرف یہ کہ افغان مہاجرین پاکستان کے مہاجر کیمپوں سے واپس جا کر وہاں آباد نہیں ہو رہے ہیں۔ بلکہ جو خاندان کیمپوں سے جا کر اسد آباد میں دوبارہ آباد ہو گئے تھے۔ وہ واپس باجوڑ اور دیر کے مہاجر کیمپوں میں جا رہے ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے۔ کہ ان حالات سے تنگ آ کر آسمار کے باشندوں نے دوبارہ امارت اسلامی کے جھنڈے لہرا دیئے ہیں۔ مراکز اس کے مجاہدین کو واپس کر دیئے ہیں۔ اور امارت کے ساتھ دوبارہ بیعت کر لی ہے۔ مقامی لوگوں نے حزب اسلامی کے کمانڈروں سے کہا ہے کہ وہ اپنا رویہ اور عمل درست کرے۔ ورنہ مقامی لوگ ان کے خلاف انتہائی اقدام اٹھانے پر مجبور ہونگے۔

پشاور ۵ اکتوبر (پریس ریلیز) امارت اسلامی کنڑ کے خارجہ امور کے چیئرمین نور محمد "مجیدی" نے ایک پریس ریلیز جاری کیا ہے۔ جس میں کہا گیا ہے۔ کہ حکومت نے تنازعہ کنڑ کے تصفیہ کے لئے عرب علماء اور سات افغان پارٹیوں پر مشتمل جو کمیشن تشکیل دیا تھا۔ یہ دوسری بار ہے کہ تنازعہ کنڑ میں ملوث ایک فریق کے اشارے پر ان کے حامیوں نے تنفیذ کمیشن کو کنڑ میں داخل ہونے سے روکا ہے۔ اور ان کی رکاوٹ کی وجہ سے کمیشن

ناوہ پاس سے ہی واپس ہو جاتا ہے۔ انہوں نے شرعی فیصلے اور تنفیذ دونوں جرگوں سے اس خواہش کا اظہار کیا۔ کہ وہ مسلمانوں کے آگے تصفیہ میں رکاوٹ ڈالنے والوں کو بے نقاب کریں۔ اندرون کنڑ حالات نہایت سنگین ہیں۔ لوٹ مار جاری ہے۔ طاقت کا ناجائز استعمال ہو رہا ہے۔ امارت کے حامیوں کو ہراساں کیا جا رہا ہے۔ جب تک کمیشن شرعی فیصلہ کا اعلان نہ کرے۔ اور تنفیذ کمیشن شرعی فیصلہ کو نافذ نہ کرے۔ کنڑ کے حالات درست نہیں ہو سکتے۔ کمیشن کے کاموں میں رکاوٹ ڈالنے والے فریق کو بے نقاب کیا جائے۔ امارت اسلامی نے پہلے بھی شرعی فیصلہ قبول کرنے کا اعلان کیا تھا۔ اور اب بھی یہ کہنا وہ اپنا فریضہ سمجھتی ہے کہ تنازعہ کنڑ کے بارے شرعی فیصلہ کی پابندی کرے۔ کیونکہ ہمارا ایمان ہے۔ کہ صرف اسلامی شریعت کے فیصلے سے ہی مسلمانوں کے درمیان بھائی چارے کی فضا قائم ہو سکتی ہے۔ انہوں نے شرعی و تنفیذ کمیشن سے اس خواہش کا اظہار کیا۔ کہ ان کے ساتھ تعاون نہ کرنے والے فریق کو حکومت پاکستان انصار و مہاجرین کے سامنے بے نقاب کیا جائے۔ اس بارے پردہ داری' اخفاء اور مصالحت سے کام لینا سراسر کنڑ کے مسلمانوں کے ساتھ زیادتی تصور ہو گی۔ ان جرگوں پر لازم ہے۔ کہ ان کے کام میں رکاوٹ ڈالنے والوں کے عدم تعاون کے بارے حکومت پاکستان کو بھی آگاہ کرے۔

تنفیذ اور شرعی کمیشن کی راہ میں رکاوٹ ڈالنے والوں کا عندیہ یہ ہے۔ کہ اس قسم کے تاخیری حربوں سے وہ تنازعہ کنڑ کی حقیقت کو افغانستان میں آنے والے تغیر کے پردے میں چھپا لیں گے۔ اور یوں ان دونوں کمیشن کی اہمیت ختم ہو جائے گی۔ شرعی اور تنفیذ کمیشن کو جو مقصد سپرد کیا گیا ہے۔ ان کا فریضہ ہے کہ وہی مقصد پایہ تکمیل تک پہنچائیں۔

افغان اسلامک نیوز ایجنسی کے نمائندے نے سرحد پار صوبہ کنڑ سے اطلاع دی ہے کہ حکومت نے تنازعہ کنڑ کے تصفیہ کے لئے عربوں اور سات افغان تنظیموں کے نمائندوں پر مشتمل جو وفد تشکیل دیا تھا حزب اسلامی حکمتیار کے حامیوں نے اس اصلاحی جرگے کو ناوہ پاس سے واپس جانے پر مجبور کیا ہے۔ اصلاحی جرگے کے کاموں میں اس قسم کی رکاوٹ ڈالنے سے اندرون کنڑ سخت تشویش پائی جاتی ہے۔ کنڑ سے تعلق رکھنے والے مہاجرین اور مجاہدین کو توقع تھی کہ حکومت کا مقررکردہ جرگہ' امارت اسلامی کی انتظامیہ اور حزب اسلامی "حکمتیار" کے درمیان مصالحت کرنے میں ضرور کامیاب ہو گا۔ مگر اصلاحی جرگہ کو کام کا موقع نہ دینے سے حالات مزید سنگین ہونے کا خطرہ پیدا ہو سکتا ہے۔

یہ امر قابل ذکر ہے۔ کہ کنڑ کے تنازعہ کے لئے دو کمیشن تشکیل دیئے گئے تھے۔ ایک کمیشن جو علماء پر مشتمل ہے۔ کہ وہ امارت اسلامی اور حزب اسلامی کے درمیان شرعی فیصلہ کرے گی۔ کمیشن نے تنازعہ کے تصفیہ کے لئے ابتدائی طور پر دونوں فریقوں سے ان کے زیر دستخط یہ منوایا تھا۔

(۱) کہ اندرون کنڑ کے راستے آزاد ہونگے۔

(۲) مجاہدین کے درمیان جنگ ختم ہو گی اور فائربندی کی پوری پابندی کی جائیگی۔

(۳) دونوں فریق سابقہ پوزیشنوں پر واپس چلے جائیں گے۔

(۴) سارے افغان احزاب کے سربراہوں کے دستخط اس ابتدائی معاہدہ پر ثبت ہیں۔

مگر اس کے باوجود اصلاحی کمیشن کو کام کرنے کا موقعہ نہیں دیا جاتا۔ افغان اسلامک نیوز ایجنسی کے نمائندوں نے وفد کی واپسی کے بارے مہاجرین کے تاثرات کے بارے میں بتایا کہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جان بوجھ کر کنڑ کے خلاف سازش کی جا رہی ہے۔ اور کنڑ میں جنگ سے پیدا شدہ صورت حال اور جرم کو تاخیری حربوں کے پردے میں افغانستان کے آنے والے بدلتے سیاسی حالات میں چھپانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ تو یہ ذاتی دشمنیوں اور مصائب کا ایسا سلسلہ ہو گا۔ جو ہمیشہ کے لئے کنڑ کے عوام کے گلے کا ہار بن جائے گا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا۔ کہ کنڑ کے لئے مقررکردہ شرعی کمیشن و تنفیذ کمیشن تنازعہ کنڑ کے بارے رکاوٹوں کو حکومت کے نوٹس میں لائے۔ اور

مسلمانوں پر واضح کرے۔ کہ اس تنازعہ میں ملوث کونسا فریق حکومت کے مقرر کردہ کمیشن سے تعاون نہیں کرتا اس بارے کسی فریق کی پردہ داری یا اخفا ہرگز کنڑ کے مسلمانوں کے حق میں نہیں۔ اور نہ شرعی لحاظ سے درست ہے۔

پریس نمائندے نے بتایا۔ کہ کنڑ سے تعلق رکھنے والے ہر باشندے کی شدید خواہش ہے۔ کہ حکومت کے مقررکردہ دونوں کمیشن اپنا فیصلہ جلد نافذ کرے۔ اور جو فریق بھی ان کے فیصلے سے انکار کرے۔ انصار مہاجرین اور دنیا کے مسلمانوں کی طاقت ایسے شرعی فیصلہ ماننے پر مجبور کرے۔ یاد رہے۔ کہ یہ دوسرا موقعہ ہے کہ حزب اسلامی نے اس جرگہ کو کنڑ میں داخل ہونے سے روکا ہے۔ اور کمیشن کو کام کرنے کا موقعہ فراہم نہیں کیا۔

پشاور ۲۲ اکتوبر (افغان اسلامک نیوز ایجنسی) امارت اسلامی صوبہ کنڑ کے امور داخلہ کی جانب سے جاری کردہ ایک پریس ریلیز میں اس بات پر حزب اسلامی کو سخت مذمت کی گئی ہے۔ کہ امارت اسلامی کے خلاف اس نے دوسرے صوبوں سے ۲۶ ہزار مسلح افراد پر مشتمل "لشکر جرار" اکٹھا کر کے اسد آباد پر قبضہ کیا۔ لیکن اس لشکر جرار سے وہ کابل حکومت کے شکست خوردہ فوجوں کا مقابلہ نہ کر سکی۔ اور خیوہ کو بڑی آسانی کے ساتھ کابل فوج کے قبضے میں جانے دیا۔ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے' کہ امارت اسلامی کے دستوں نے کابل فوج کو خیوہ سے آگے بڑھ کر عبدالخلیل گمبیر ڈاگ اور کوریک کے علاقوں سے بھی پرے دھکیل دیا تھا۔ اس کوشش میں امارت اسلامی کے دو سو مجاہدین نے جانوں کی قربانی دی۔ لیکن حزب اسلامی اور دیگر چھ تنظیموں نے متحدہ طور پر بھی دشمن کا مقابلہ نہ کیا اور یہ علاقے خالی کر دیئے۔ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے۔ کہ اگر امارت اسلامی کے دستوں کو راستہ دیکر انہیں فرنٹ لائن مورچوں میں جانے دیا جائے۔ تو وہ شہداء کی یہ امانت کابل فوجوں سے واپس چھین لیں گے۔ پریس ریلیز میں خدشہ ظاہر کیا گیا ہے کہ کہیں کنڑ کے باشندوں کے غیظ و غضب سے بچنے کیلئے وہاں قابض کمانڈروں نے خدانخواستہ کنڑ کو دوبارہ کابل حکومت کے حوالے کرنے کی سازش تو نہیں کی ہے۔ جس پر عمل درآمد شروع کر دیا گیا ہے۔

اور خیوہ پر اتنی آسانی کے ساتھ کابل حکومت کا قبضہ اس کا نقطہ آغاز ہے۔ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ افغان عوام کابل کی کمیونسٹ حکومت کے ساتھ سازباز کرنے والوں کو معاف نہیں کریں گے۔ اور اگر ایسا کیا گیا۔ تو نہ صرف کنڑ بلکہ پورے افغانستان میں اس قسم کے لوگ عوامی غیظ و غضب کا شکار ہونگے۔

پشاور ۲۱ اکتوبر (افغان اسلامک نیوز ایجنسی) امارت اسلامی صوبہ کنڑ کے امور خارجہ کمیٹی کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز میں معسکر طیبہ (جو غیر جانبدار انصار بھائیوں کا جہادی مرکز ہے) پر حزب اسلامی کے مقامی اہل کاروں کے قبضے پر سخت غم و غصے کا اظہار کیا گیا ہے۔ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے۔ کہ غیر ملکی مخلص مجاہدین کی افغان جہاد میں گرانقدر اور ناقابل فراموش خدمات ہیں۔ اور بالخصوص انصار بھائیوں کے اور یہ مجاہدین ہمیشہ کمیونسٹوں کے خلاف افغان مجاہدین کے ہمراہ فرنٹ لائن مورچوں میں لڑتے رہے۔ لیکن حزب اسلامی کے مقامی کمانڈروں نے ان کے مرکز اور اسلحہ کے ذخائر لوٹ کر تمام افغانوں پر سے ان کے اعتماد کو متزلزل کیا ہے۔ دوسری جانب پوری دنیا میں افغانوں کے کردار و اخلاق کو غلط رنگ ۔ہے پیش کیا گیا ہے۔ تاہم پریس ریلیز میں توقع ظاہر کی گئی ہے۔ کہ غیر ملکی' مخلص مجاہدین بعض عناصر کے غلط اقدام سے دل برداشتہ نہ ہونگے۔ اور چند مفاد پرست اور موقعہ شناس عناصر کے عمل سے پوری افغان قوم کو قیاس کرتے ہوئے انہیں اکیلا نہیں چھوڑیں گے۔ پریس ریلیز میں تمام مجاہدین رہنماؤں' علماء اور کمانڈروں سے اپیل کی گئی ہے۔ کہ حزب اسلامی کے کمانڈروں کے اس نامناسب اقدام کی مذمت کرے۔

علماء اسلام کی توجہ کیلئے

ہم افغانستان کے آزاد خطہ کنڑ کے مسلمان پاکستان افغانستان اور سارے عالم اسلام کے جید علماء کرام مفتیان شرع مبین سے عام مسلمانوں خصوصاً مجاہدین افغانستان کی رہنمائی کے لئے اسلام کی روشنی میں درج ذیل سوالات کے بارے فتویٰ صادر کرنے کی متمنی ہیں۔

ہمیں یقین ہے۔ کہ افغان جہاد سے اسلامی وابستگی اور قومی و بین الاقوامی ذرائع ابلاغ کے ذریعے ہر کسی کو یہ حقیقت معلوم ہے۔ کہ ڈھائی سال پیشتر سارے افغانستان میں کنڑ کے مجاہدین کو یہ اعزاز حاصل ہے۔ کہ سب سے پہلے انہوں نے روسی تسلط سے کنڑ کو مکمل طور پر آزاد کرایا۔ اس خطے کی آزادی کے بعد کنڑ میں مقیم سارے احزاب کے اعلیٰ کمانڈروں مجاہدین مہاجرین علماء اور عوام نے متفقہ قرارداد کے ذریعے یہاں امارت اسلامی کے نام سے شرعی ادارہ قائم کرنے کا فیصلہ کیا۔ جس کے لئے مجاہدین کا مشترکہ ۱۸ رکنی اعلیٰ اختیاراتی کمیشن تشکیل دیا گیا تھا۔

اور اسی کمیشن کے تحت کنڑ میں عام انتخابات منعقد ہوئے۔ ۱۲۰ رکنی منتخب شوریٰ عمل میں آئی۔ اسی منتخب شوریٰ نے امارت اسلامی قائم کی۔ امارت اسلامی کے قیام کا مقصد ہی یہی قرار دیا گیا تھا۔ کہ وہ اس آزاد خطے کے انتظام و انصرام کو اسلامی شریعت کے مطابق چلائیں گے۔ کیونکہ آزاد خطوں میں شریعت کو نافذ کرنا مسلمانوں کا مذہبی فریضہ ہے۔

کنڑ کے عام انتخابات میں شیخ جمیل الرحمٰن کی جماعت الدعوۃ الی القرآن والسنہ کو اکثریت حاصل ہوئی۔ انہوں نے مجاہدین کے وسیع تر اتحاد کے لئے کنڑ میں موجود سارے احزاب کے منتخب نمائندے اس شرعی ادارے میں شامل کئے۔

اس بات کا ذکر کرنا نہایت اہم ہے۔ کہ اس شرعی ادارے کے قیام کے لئے کنڑ میں موجود سارے احزاب کے اعلیٰ نمائندوں نے حلفیہ معاہدات کئے تھے۔ وہی دستاویزات ریکارڈ پر موجود اور محفوظ ہیں۔

د ـ ا

امارت اسلامی کنڑ افغانستان کی تشکیل کے لئے حزب اسلامی حکمت یار گروپ اور جماعت الدعوۃ الی القرآن والسنہ کے درمیان مورخہ ۲۳۔ ستمبر ۱۹۸۹ء کو جو فیصلہ ہوا تھا اس کے متن کا اردو ترجمہ درج ذیل ہے۔

بسم اللہ الرحمان الرحیم

شوریٰ کے اجلاس میں امارت اسلامی کی تشکیل کے لئے حزب اسلامی حکمت یار گروپ اور جماعت الدعوۃ الی القرآن و السنہ کے ذمہ دار ارکان کے مابین تفصیلی بحث کے بعد مندرجہ ذیل فیصلے ہوئے۔

۱۔ صوبہ کنڑ افغانستان میں حکومت تشکیل دیں گے اور اس حکومت کا نام امارت اسلامی ہو گا۔

۲۔ جب امارت اسلامی کا قیام عمل میں آئے تو تمام سرکاری املاک (ملکیت) امارت اسلامی کی تحویل میں ہوں گی۔ قضاء، دفاع، مالی، داخلی امور اور دیگر محکمہ جات امارت اسلامی کے اختیار میں ہوں گے۔

۳۔ حکومت اور تنظیموں کے درمیاں رابطہ اسلامی اصولوں کے مطابق ہوگا۔

۴۔ امارت اسلامی کے مقابلے میں جس عمل سے ہمیں شریعت منع کرے اس عمل سے ہم اجتناب کرے گے اور جو عمل شریعت کے مطابق ہو گا اس پر عمل پیرا ہوں گے۔

حکومت کی تشکیل کا طریقہ

حکومت کی تشکیل مندرجہ ذیل طریقے سے ہو گی۔

۱۔ صوبہ کنڑ میں انتخابات جماعتی بنیاد پر ہو گے۔ انتخابات کے نتیجہ میں ہر تنظیم کی اکثریت و قوت کا فیصد معلوم ہو جائے گا۔ اس فیصد کے اندازے پر شوریٰ کے لئے ممبران منتخب کئے جائینگے۔ وہی ممبران ہر تنظیم کی طرف سے پیش کئے جائیں گے۔ پھر تزکیہ کمیٹی ممبران کا تزکیہ کرے گی اس کے بعد ان کو شوریٰ کا ممبر مقرر کیا جائے گا۔

۲۔ اگر کوئی شخص کیمونسٹ حکومت کا ایجنٹ یا تنخواہ دار ثابت ہوا تو اس کو ووٹ کا حق نہیں دیا جائے گا۔

۳۔ کوئی بھی شخص جو ماہ ثور سال ۱۳۶۷ ھ ش مطابق اپریل ۱۹۸۸ء تک کیمونسٹ حکومت کا ملیشیا (یعنی فوجی) ثابت ہو جائے۔ جب کہ یہ دور بریکوٹ (جو کہ صوبہ کنڑ میں ایک مقام کا نام ہے) کے فتح کا بھی ہے۔ اور اس فتح کے بعد ہجرت بھی کی ہو تب بھی ووٹ کا حقدار نہیں ہے۔ اس تاریخ سے پہلے جو بھی ہجرت کرنے والے ہیں سب ووٹ کے حقدار ہوں گے۔

۴۔ انتخابات منتخب کمیشن کے زیر نگرانی مقررہ پروگرام کے مطابق ہوں گے۔

۵۔ شوریٰ کے ممبران کی تعداد پچاس ہو گی۔

۶۔ امارت اسلامی کی کوشش ہو گی کہ افغانستان میں واقعی اسلامی حکومت کے قیام کے لئے دعوت و تبلیغ کرے اور جب افغانستان میں اسلامی حکومت کا قیام عمل میں آئے تو یہ امارت اسی اسلامی حکومت کے تابع ہو۔ اور اگر اسلامی حکومت کا قیام افغانستان میں نہ آئے تو کنڑ میں قائم ہماری یہ حکومت اسلامی حکومت ہو گی اور ہم اس امارت اسلامی کے ساتھ تعاون

مگر حزب اسلامی حکمتیار جو انتخابات کے نتائج تک بڑے سرگرم اور فعال تھے۔ انتخابی نتائج کو دیکھ کر نہ اپنے کئے گئے حلفیہ معاہدات کا پاس رکھا اور نہ انتخابی عمل کی پروا کی۔ بلکہ امارت اسلامی کی تاسیس ہی سے مخالفت شروع کر دی۔ انتخابات کے نتائج کے بعد واضح ہوا۔ کہ حزب اسلامی حکمتیار صرف اپنے اقتدار کی خاطر اس عمل میں شریک ہوئے تھے۔ انتخابی نتائج کو دیکھ کر جب انہیں یہاں اقتدار جمانے کی توقع نہ رہی۔ تو کھلم کھلا اس شرعی ادارے کی مخالفت پر اتر آئے۔ مگر امارت اسلامی کی انتظامیہ امن' اسلامی اخوت اور جہاد کی ضرورت کی خاطر انہیں برداشت کرتے رہے۔ جس سے شہ پاکر وہ امارت کو ختم کرنے کے لئے معاندانہ اقدامات پر اتر آئے۔ اور اندرون کنڑ بدامنی پیدا کرنے لگے۔ چونکہ امارت اسلامی اندرون کنڑ امن کی ذمہ دار ہے۔

لہٰذا انتظامیہ نے انہیں بار بار متنبہ کیا کہ وہ قانون کو اپنے ہاتھ میں نہ لیں۔ لیکن وہ بدستور کنڑ کے مجاہدین کے اس منتخب شرعی ادارے کو سبوتاژ کرنے کے لئے معاندانہ پالیسیوں پر عمل پیرا رہے۔ اور ایک رات جبکہ امارت اسلامی کی رہائش گاہ سے ان پر راکٹوں سے حملہ کیا گیا۔ جس میں تین مجاہد شہید اور چار زخمی ہوئے۔ امارت اسلامی نے جب ان سے ملزموں کو حوالہ کرنے کا مطالبہ کیا۔ تو حزب اسلامی نے عام جنگ شروع کر دی اور تین دن بعد امارت اسلامی کی انتظامیہ کنڑ میں امن برقرار رکھنے میں کامیاب ہوئی۔ ان کی اس ناکام بغاوت کے بعد امارت اسلامی ان کے ساتھ نہایت حسن سلوک سے پیش آئی اور امارت نے عام معافی کا اعلان کیا' اور ایک دوسرا اعلان عام بھی جاری کیا کہ ان کی گذشتہ جہادی خدمات کو بھلایا نہیں جا سکتا۔ آؤ اس شرعی ادارے کو تسلیم کریں۔ جہاد کے لئے صف اول میں چلیں امارت آپ کے ساتھ ہر قسم کا تعاون کرے گی۔

اگر حزب اسلامی کو کوئی گلہ و شکوہ ہو۔ تنازعہ ہو۔ تو آئیں اللہ کے فرمان پر عمل کرتے ہوئے۔ اپنا تنازعہ قرآن و سنت کے سامنے پیش کریں۔ افغانستان پاکستان اور سارے عالم اسلام میں نہایت متقی علماء پائے جاتے ہیں۔ ان کے پاس اپنا تنازعہ لے جا کر اسلامی شریعت کے مطابق فیصلہ کرائیں۔ امارت کے سربراہ نے انہیں دعوت مباہلہ بھی دی تھی۔ تاکہ عام مسلمانوں اور مہاجرین و انصار پر واضح ہو جائے۔ کہ کس فریق نے اللہ تعالیٰ کے حدود سے تجاوز کیا تھا۔ مگر انہوں نے مسئلہ کے حل کیلئے شرعی پیشکش کو رد کرتے ہوئے سرحدی علاقوں کے قبائل کو رقم کا لالچ دلایا۔ اور لغمان ننگرہار قبائل اور دوسرے صوبوں کے لوگوں کو کرایہ کر کے کنڑ پر دوبارہ حملہ کیا۔ اور امارت اسلامی کے شرعی ادارے کے خلاف عملاً جنگ کا آغاز کیا۔ دس دنوں تک کنڑ کے عوام کو لوٹا۔ امارت کے مجاہدین پر امریکہ سے حاصل کردہ جدید اسلحہ آزمایا۔ قبائل سے کہا گیا کہ جو کوئی لوٹ کھسوٹ میں جو چیز بھی حاصل کرے۔ وہ اس کی ملکیت سمجھی جائیگی۔ وہ غارت گر اسعد آباد کے گھروں کے دروازے اور کواڑ تک اکھاڑ کر لے گئے۔ ہر طرف بدامنی' وحشت اور بربریت کا دور رہا۔ امارت اسلامی سارے مجاہدین کا ایک منتخب ادارہ تھا جس نے کنڑ میں اسلامی شریعت کا نافذ کی تھی۔

اللہ کے حدود جاری کئے تھے' امن و امان قائم کیا تھا' مساجد تعمیر کی جا رہی تھیں' ہر مسجد میں دُرس قرآن اور دینی تعلیم کا انتظام کیا گیا تھا۔ اور عوام کی فلاح و بہبود کے منصوبے جاری تھے۔

مگر حزب اسلامی کی اس مسلط کردہ جنگ کی وجہ سے مجاہدین کا یہ متحدہ شرعی ادارہ سخت مشکلات سے دوچار کر دیا گیا۔ اس قتل و غارت' لوٹ کھسوٹ اور بربریت سے مرکزی نظام عارضی طور پر منتشر ہو گیا اور امن و امان قائم رکھنے کا ذمہ دار اور جوابدہ ادارہ موجود نہ رہا۔ اب وہاں پارٹی حیثیت سے کسی کی یہ مجال نہیں۔ کہ اللہ تعالیٰ کے حدود قائم کرے۔

ہم کنڑ افغانستان کے مسلمان علماء کرام سے فتویٰ طلب کرتے ہیں کہ:۔

(۱) حزب اسلامی نے امارت اسلامی کے خلاف جنگ شروع کر کے حلفیہ معاہدات کی خلاف ورزی کی ہے۔

(۲) انتخابات میں حصہ لیا تھا۔ اور نتائج دیکھ کر انتخابی نتائج تسلیم نہیں کئے۔

(۳) امارت اسلامی نے کنڑ میں اسلامی شریعت کو نافذ کیا تھا۔ مگر حزب نے اس مرکزی منتخب شرعی ادارے کو ختم کیا۔

مسلمانوں کو لوٹا۔ قبائل کو لالچ دلا کر اکسایا۔ مسلمان قتل کئے گئے۔ اور سارے کنڑ کے مسلمانوں کو مصائب سے دوچار کیا۔

(۴) ان کے اس مخالفانہ عمل سے کنڑ کے محاذ پر جہاد عملاً تعطل کا شکار ہوا۔

جس پارٹی نے مجاہدین کے متحدہ اسلامی ادارے کو ختم کرنے کے لئے خونریزی سے کام لیا ہو۔

اس قسم پارٹی کے بارے شرعی حکم کیا ہے؟

اس پارٹی کی امداد و اعانت کیسی ہے؟

جن لوگوں نے دولت کے لالچ میں اس جنگ میں حصہ لیا ہو۔ ان کے بارے کیا حکم ہے؟

امارت اسلامی کے حامی مجاہدین کے قتل ان کے مال و اسباب اور گھروں کے لوٹنے والوں کے بارے شرعی حکم کیا ہے؟

امارت اسلامی کی انتظامیہ کنڑ کی حدود میں ہر جگہ اللہ تعالیٰ کے حدود نافذ کرنے پر قادر تھی۔ جبکہ حزب اسلامی کی اس جنگ کی وجہ سے مرکزی نظام ختم ہوا۔ اللہ تعالیٰ کے حدود نافذ کرنے کا ادارہ ختم ہوا۔ اب کوئی بھی شرعی حدود نافذ نہیں کر سکتا۔ عوام بدامنی کے شکار ہوئے۔ صرف اور صرف اس محدود خطے پر اقتدار کی خاطر اتنی تباہی پھیلانے والوں کے بارے شرعی فیصلہ صادر کیا جائے۔ تاکہ علماء کے فیصلہ کی روشنی میں مجاہدین دوبارہ حالات کا جائزہ لیں اور آزاد خطہ میں دوبارہ شریعت کی بالادستی قائم کریں۔

"مجاہدو! ایک ہاتھ میں قرآن اور دوسرے میں تلوار لے کر باطل بتانِ باطل کو پاش پاش کر دو"

شیخ جمیل الرحمٰنؒ کا پیغام

تنبیہ

جماعۃ الدعوۃ الی القرآن والسنۃ حادثہ کنڑ پر چھپنے والی حالیہ خبروں سے برات کا اظہار کرتی ہے

گذشتہ دنوں حادثہ کنڑ اور شیخ جمیل الرحمٰن شہید کے قتل کے سلسلے میں بعض نہایت غیر ذمہ دارانہ خبریں شائع ہوئی ہیں جو ہماری پالیسی کے خلاف ہیں۔ ہم ان حضرات سے گذارش کرتے ہیں کہ وہ ایسی خبروں سے اجتناب کریں۔ اگر کوئی شخص یا ادارہ اپنے طور پر کوئی "انکشاف" کرتا ہے تو اس کا ذمہ دار وہ خود ہو گا۔

جب تک ہم کوئی پالیسی اعلان نہ کریں اس وقت تک دوسروں کی اڑائی ہوئی خبریں غیر مصدقہ سمجھی جائیں۔

منجانب شیخ سمیع اللہ

امیر

جماعت الدعوۃ الی القرآن والسنۃ

مجاہدین افغانستان مقیم پشاور

درسِ حدیث

عَنْ اَبِی ھریرۃ عَن النبیّ صلّی اللہ علیہ وسلم قال انکم ستحرصون علی الامارۃ وسکون ندامۃ یوم القیٰمۃ فنعمۃ المرضعۃ وبئستہ الفاطمۃ

رواہ البخاری

حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا کہ آئندہ ایسا زمانہ بھی آئے گا کہ تم لوگ حکومت اور اس کے عہدوں کی حرص کروگے اور وہ قیامت کے دن ندامت و پشیمانی کا باعث ہوگی — بڑی اچھی لگتی ہے حکومت۔ آغوش میں لیکر دودھ پلانے والی — اور بہت بری لگتی ہے دودھ چھڑانے والی۔ (صحیح بخاری)

تشریح: اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنے پیارے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر منکشف فرمایا تھا کہ آپ کی امت میں حکومت اور اس کے عہدے حاصل کرنے کا شوق اور حرص پیدا ہوگی۔ ایسے لوگوں کو آپ نے بتلایا دی کہ یہ حکومت قیامت میں سخت ندامت اور پشیمانی کا باعث ہوگی، جبکہ اللہ تبارک و تعالیٰ کے حضور میں اس کا حساب دینا ہوگا۔ آخر میں آپ نے فرمایا کہ حکومت جب کسی کو ملتی ہے، تو بڑی اچھی لگتی ہے، جیسے بچہ کو دودھ پلانے والی ماں یا دایہ اچھی لگتی ہے اور جب حکومت ہاتھ سے جاتی ہے (خواہ موت کے وقت یا پھر کسی وجہ سے زندگی میں ہی اس سے محرومی یا دست برداری ہونا پڑے تو بہت بری لگتی ہے، جیسے کہ دودھ پلانے والی بچہ کو دودھ چھڑاتے ہوئے بہت بری لگتی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد کا یہ اثر ہوا تھا کہ بہت سے صحابہؓ باوجود اہلیت کے حکومت اور دیگر عدالتی عہدوں سے ہمیشہ دور رہے۔

کمپوزڈ رشیدقمر

MONTHLY DAWAT URDU
دعوت
MONTHLY DAWAT URDU
دعوت
MONTHLY DAWAT URDU
دعوت
MONTHLY DAWAT URDU
دعوت
MONTHLY DAWAT URDU
دعوت
MONTHLY DAWAT URDU
دعوت
MONTHLY DAWAT URDU
دعوت
MONTHLY DAWAT URDU
دعوت
MONTHLY DAWAT URDU
دعوت
MONTHLY DAWAT URDU
دعوت

اور اس کے خلاف کئے گئے اقدامات میں اس کا دفاع کریں گے۔

---☆---

یہ دستاویز تین صفحوں پر مشتمل ہے اور اس پر مختلف راہنماؤں کے دستخط موجود ہیں جن کے نام یہ ہیں۔

۱۔	مولوی فقیر اللہ صاحب	حزب اسلامی
۲۔	حاجی کشمیر خان صاحب	حزب اسلامی
۳۔	انجینئر وحیہ اللہ صاحب	حزب اسلامی
۴۔	مولوی محمد ہاشم صاحب	حزب اسلامی (جو کہ اس قرار دار کا کاتب بھی ہے)
۵۔	مولوی رحمت خان صاحب	جماعۃ الدعوۃ الی القرآن و السنہ
۶۔	مولوی عبدالبصیر صاحب	جماعۃ الدعوۃ الی القران والسنہ
۷۔	مولوی گلا جان صاحب	جماعۃ الدعوۃ الی القران والسنہ
۸۔	مولوی حبیب الرحمان ناقد	جماعۃ الدعوۃ الی القران والسنہ

نوٹ:۔ یہ قرار داد مورخہ ۲۳۔ ستمبر ۱۹۸۹ء کی تحریر کردہ ہے۔


جہاد راہ حق میں کرنے والے صبر کرنے والوں کی تعریف کرتے ہیں
کہ جن پہ مومن ہی کہے گا رضائے مولا کے کون قائل ہے
الٰہی صبر جمیل تو ہم کو عطا کر کہ ناتواں
نثار تو ہم کو مال و جان فدائے تو صدقہ ہم ارجائم

قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْ اَدْعُوْا اِلَى اللّٰهِ عَلٰى بَصِيْرَةٍ

اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿سورۃ یوسف ۱۰۸﴾

MONTHLY DAWAT URDU

ماہنامہ مجلہ توحید و سنت

دعوت

بانی الشیخ ڈاکٹر خلیل الرحمٰن رح

امیر جماعۃ الدعوۃ الی القرآن والسنۃ، افغانستان

کلرل کمیٹی جماعۃ الدعوۃ الی القرآن والسنۃ۔ افغانستان

ربیع الثانی ۱۴۱۲ھ ہجریہ اکتوبر ۱۹۹۱ء جلد ۵ شمارہ ۳-۴ مسلسل ۵۰

اشاریہ

۱	اداریہ	۲
۲	کُنڑ کی کہانی (دستاویزات کی زبانی)	۶
۳	ساخۂ کُنڑ کے چشم دید حالات	۱۴۶
۴	عرب مجاہدین کے فریاد	۱۴۷
۵	الشیخ عدنان کا انٹرویو	۱۵۹
۶	صوبہ کُنڑ، ظلم کیوں؟ تباہی کیوں؟	۱۶۳
۷	الشیخ جمیل الرحمٰن کا پہلا خطاب	۱۶۵
۸	حادثۂ کُنڑ اور شیخ جمیل الرحمٰن	۱۶۸
۹	جہادِ افغانستان اور امارت اسلامی کا قیام	۱۷۲
۱۰	امارت اسلامی کا المیہ اور مجلس مذاکرہ	۱۷۷
۱۱	امارت اسلامی ذرائع ابلاغ میں	۱۷۸
۱۲	افغان اسلامی نیوز ایجنسی کی پریس ریلیز	۱۸۶
	علمائے اسلام کی توجہ کے لیے	۱۸۹

مجلسِ ادارت

شیخ غلام اللہ حقی

عبدالرحمٰن بخاری ○ سیّد اکرام الحق جاوید

اے۔ آر مظہر ○ عبدالرحیم

ہمارے نمائندے

افغانستان:	عبدالحمید تورش	سوئٹزرلینڈ:	فیضان اللہ
اسلام آباد:	عفیف احمد	امریکہ:	عبدالرحمٰن احمد
پشاور:	غنی اللہ مسلم	برطانیہ:	منور علی
لاہور:	حماد شاکر	جرمنی:	وائی۔ ایم حمیم
کراچی:	چوہدری ظہور احمد	ہالینڈ:	عماد الدین کوبی اہیل
کوئٹہ:	عرفان مینگل	مظفرآباد:	بشیر قریشی

زرِ تعاون

پاکستان میں

اشاعت خاص	اشاعت خاص
۳۰ روپے	۳ ڈالر
سالانہ ۱۰۰ روپے	سالانہ ۲۰ ڈالر

بیرونی ممالک کیلئے

جماعۃ الدعوۃ الی القرآن والسنۃ، افغانستان
الاخطر ۱۴۲۵، حبیب بینک کمرشل روڈ پشاور

الشیخ جمیل الرحمٰن،
اکاؤنٹ نمبر ۵۵ حبیب بینک لمیٹڈ روڈ پشاور

پتہ: ماہنامہ "دعوت" (اردو) ○ پوسٹ بکس نمبر ۶۱۴ پشاور۔ پاکستان

بسم الله الرحمن الرحیم ط

د کمیسیون ولایت
متمد رستلوی عالی کمیسون

د - ۱

نمبر شمار	پیشنهاد	تاریخ	احکام
	فاضل محترم مشرانو!		مندرجه شو
	۱- مولوی صاحب امر جماعة الدعوة الی القرآن والسنة افغانستان.		ده موافق کم هم آتی بات وه خندزی
	۲- محترم حکمتیار صاحب امر حزب اسلامی افغانستان		کوم دوه کسه ته وضاحت ورکی
	ـــــ اسلام علیکم ورحمة الله وبرکاته!		شته دی
۱۳۶۸/۱۲/۲	درجې زمونږ کمیسون په مولایت کې د رښتیا ټولو پروګرامونو په تطبیل		①
23/2/81	د داخلی او خارجی لاسونو وهنو په وجه له مشکلاتو سره مخامخ کیږی. په دا ګډه حال کې چې مقدماتی کارونه تکمیل او عملاً		②
	دغه پروګرام د ترتیب رسولو ارزوړ وخت هیله کوو چې د خپل لطف له مخې به ګډه		① - د انجنیر حکمتیار صاحب الاسلیک
	موږ ته تاریخ تعین کړی او د رښتیا ټولو د ترتیب رسولو په غرض به موږ ته اوقاتو		② - د مولوی صاحب جمیل الرحمن الاسلیک
	هدایت رالیږلی.		
	ورسلام		تنظیم الاسلیک
	① ـــــ		① - مولوی صاحب رحمت خان / جماعة الدعوة
	②		② - مولوی صاحب عبد البصیر / " "
	③		③ - عبد الحمید (شورش) / " "
	⑥		④ - انجنیر وحید الله / حزب اسلامی (حکمتیار)
	⑤		⑤ - حاجی محمد انور / جماعة الدعوة
			⑥ - مولوی صاحب محمد هاشم / حزب اسلامی (حکمتیار)

د ـــــ ا

جب کہ کنڑ فتح ہوا تو امارت اسلامی کے قیام سے پہلے متحدہ اسلامی عالی کمیشن میں شامل حزب اسلامی حکمت یار گروپ اور جماعت الدعوۃ الی القرآن و السنہ کے بعض راہنماؤں نے ۲۳/۲/۸۹ کو شیخ جمیل الرحمان امیر جماعت الدعوۃ الی القرآن و السنہ افغانستان و گلبدین حکمت یار امیر حزب اسلامی افغانستان کے نام ایک عرض داشت لکھی جس کا مکمل اردو ترجمہ درج ذیل ہے۔

بسم اللہ الرحمان الرحیم ○

واجب الاحترام بزرگو!

۱۔ مولوی صاحب امیر جماعت الدعوۃ الی القرآن و السنہ افغانستان

۲۔ محترم حکمت یار صاحب امیر حزب اسلامی افغانستان

السلام علیکم رحمتہ اللہ و برکاتہ!

صوبہ کنڑ میں ہمارا انتخابی پروگرام بیرونی و اندرونی مداخلت کی وجہ سے مسلسل تعطل اور مشکلات و مسائل کا شکار ہے۔

اس حالت میں جبکہ تمام انتخابی پروگرام مکمل ہے ہم اس انتخابی پروگرام کی تکمیل چاہتے ہیں اور امید رکھتے ہیں کہ مشترکہ طور پر انتخابات کے تعین و تاریخ کا اعلان کر لیں گے اور انتخابات کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لئے ہمیں واضح ہدایات دیں گے۔

اس عرض داشت کے جواب میں حکمت یار صاحب نے لکھا۔

۱۔ (میں تحریر کے ساتھ اتفاق رکھتا ہوں کہ انتخابات ملتوی نہ ہوں

سوموار کے دن انتخابات کا آغاز بہتر ہو گا)

حکمت یار کے دستخط

اس کی تائید شیخ شہیدؒ نے بایں الفاظ فرمائی

۲۔ میں بھی تائید کرتا ہوں۔

